ماہنامہ

المرشد

محمد رسول اللہ

نومبر

2006ء

قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى

القرآن الکریم

ترجمہ

وہ فلاح پا گیا جس نے تزکیہ کر لیا اور اپنے رب کے نام کا ذکر کیا پھر نماز کا پابند ہو گیا۔

عراق پر حملہ ایک سنگین غلطی تھی "امریکی رائے عامہ"!

ماہنامہ
المرشد

بانی	حضرت العلام مولانا اللہ یار خانؒ مجدد سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ
سرپرست	حضرت مولانا محمد اکرم اعوان مدظلہ، شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ

نومبر 2006ء رمضان/شوال

جلد نمبر 28 شمارہ نمبر 4

فہرست

اداریہ	محمد اسلم	3
کلام شیخ	سیماب اویسی	4
اقوال شیخ	انتخاب	5
اسلام اور علوم جدیدہ	امیر محمد اکرم اعوان	6
اسلام میں داخلہ	امیر محمد اکرم اعوان	12
سوال و جواب	امیر محمد اکرم اعوان	16
اکرم التفاسیر	امیر محمد اکرم اعوان	20
جنوں مقصود ہے!	امیر محمد اکرم اعوان	28
تزکیہ نفس	حافظ غلام قادری	37
من الظلمت الی النور	عبدالستار انڈیا	39
16 کروڑ ایٹم بم	حسن نثار	42
"انہیں نہ کوئی خوف ہے نہ غم"	عبدالقادر حسن	44
خوشحالی کا دیوتا	جاوید چودھری	46
تزکیہ (انگلش)	امیر محمد اکرم اعوان	56

مدیر

چوہدری محمد اسلم

جوائنٹ ایڈیٹر: ضمیر حیدر

سرکولیشن مینجر: رانا جاوید احمد

کمپیوٹرڈ پرنٹنگ اینڈ لے آؤٹ

رانا شوکت حیات، محمد ندیم اختر

قیمت فی شمارہ 25 روپے

LRL # 41

بدل اشتراک

پاکستان	250 روپے سالانہ
بھارت/سری لنکا/بنگلہ دیش	
مشرق وسطیٰ کے ممالک	100 ریال
برطانیہ۔ یورپ	35 اسٹرلنگ پاؤنڈ
امریکہ	60 امریکن ڈالر
فاراِیسٹ اور کینیڈا	60 امریکی ڈالر

انتخاب جدید پریس۔ لاہور 042-6314365 ناشر۔ پروفیسر عبدالرزاق

رابطہ آفس = ماہنامہ المرشد، اے۔ ٹی۔ ایم بلڈنگ پل کوریاں، سمندری روڈ فیصل آباد فون 041-2668819

E-Mail:info@alikhwan.org.pk Web Site: WWW.alikhwan.org.pk موبائل 0301-6045981

سرکولیشن آفس = ماہنامہ المرشد اویسیہ سوسائٹی، کالج روڈ ٹاؤن شپ لاہور فون 042-5182727

اداریہ

عراق سے فوجیں واپس بلائی جائیں۔ امریکی رائے عامہ کا مطالبہ

عراق میں ہزاروں امریکی فوجی مارے جا چکے ہیں اور لاتعداد زخمی ہو کر وطن واپس چلے گئے ہیں اس کے علاوہ اربوں ڈالر اس جنگ پر خرچ آ چکے ہیں جس کے باعث امریکی معیشت بُری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ سادہ لوح امریکی عوام کو بے وقوف بنا کر اور اُن کو دہشت گردوں کے نام سے ڈرا کر صدر بش نے پچھلا الیکشن تو جیت لیا تھا مگر کئی سال گزرنے کے بعد بھی امریکہ عراق میں ''گوڈے گوڈے'' پھنسا ہوا ہے۔ اس نے یہ جنگ جیتنے کیلئے ہر قسم کا اسلحہ، کمیونیکیشن، سٹیلائٹ سسٹم اور دیگر ذرائع استعمال کئے مگر عراق کے دلیر عوام اور مزاحمت کاروں نے قربانی پہ قربانی دے کر سپر پاور ہونے کے دعوے دار ملک کو بے بس کر دیا ہے۔

اس ساری صورتحال پر امریکی عوام نے شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے اور اپنی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ امریکی فوجیوں کو عراق سے واپس بلایا جائے اور اس بے مقصد جنگ سے پیچھا چھڑایا جائے۔

شدید عوامی ردعمل پر صدر بش کو یہ کہنا پڑا ہے کہ وہ عراق کی خطرناک صورتحال پر دیگر تجاویز اور راستوں پر بھی سوچ رہے ہیں۔ امریکی حکومت کو اس حقیقت کو تسلیم کر لینا چاہئے کہ اُسے بالآخر عراق سے اپنی افواج واپس بلانا پڑیں گی۔ اب وہ اپنی ناکامی پر مزید پردہ نہیں ڈال سکتے۔

عراقی عوام کی قربانیاں رنگ لا رہی ہیں انہوں نے بے سروسامانی کے عالم میں بھی دنیا کی جدید ترین اسلحہ سے لیس فوج کا مقابلہ کیا ہے۔ ان پر یہ شعر صادق آتا ہے۔

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ
مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

کلامِ شیخ

سیماب اویسی

امیر محمد اکرم اعوان' سیماب اویسی کے قلمی نام سے شاعری کرتے ہیں۔ آپ کے کلام کے مندرجہ ذیل مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔

- گردِ سفر
- نشانِ منزل
- کونسی ایسی بات ہوئی ہے
- سوچ سمندر
- متاعِ فقیر
- آس جزیرہ
- دیدہ تر

آپ کی شاعری کیا ہے؟

فرماتے ہیں۔

''میری شاعری میری کیفیات اور میرے جذبات کے اظہار کے علاوہ کچھ نہیں۔ یہ اشعار کیسے ہیں؟ ان کا معیار کیا ہے بلکہ یوں کہئے کہ یہ اشعار ہیں یا نہیں' اس کی مجھے خبر نہیں' اس لئے کہ میں نے یہ فن سیکھا ہے اور نہ اس کے اسرار و رموز۔ میں نے بہت سکھایا کم' سب کچھ محض اپنے عظیم شیخ کی توجہ اور نگاہ کا حاصل ہے۔

اگر ان اشعار میں واقعی کوئی کمال نظر آئے تو یہ اللہ کی عطا اور شیخ المکرّم کا فیض نظر ہے اور اس کے سارے سقم کی ذمہ داری میری کمزوریوں کا نتیجہ ہے۔

اللہ کرے میں جو چاہتا ہوں وہ کہہ سکا ہوں اور جو کہہ گیا ہوں وہ کسی کی سمجھ میں آ سکے تو میں نے اپنا مقصد حاصل کر لیا کہ بندہ صرف بات پہنچا سکتا ہے باقی سب توفیقیں اللہ کو ہیں۔''

مردانِ حُر

نظر کے سامنے آیا نہ منظر آبگینوں کا
اگرچہ در پہ جھک جانا مقدر ہے جبینوں کا

جہاں مردانِ حر بستے ہوں اک ہیبت سی ہوتی ہے
نہیں باطل کو ہوتا خوف ہرگز نازنینوں کا

جواں قومیں ہوا کرتی ہیں بس خونِ شہیداں سے
سروں کا تاج بنتا ہے انہیں خوش تر نگینوں کا

وہی زندہ ہے جس کی قوم زندہ ہے زمانوں میں
زمیں کی پیٹھ پر ورنہ وہ لقمہ ہے زمینوں کا

محبت نام ہے دینے' فدا ہونے کا' مٹنے کا
یہی حاصل ہے بالآخر محبت کے قرینوں کا

ہو جن کا عشق صادق وہ سمندر چیر جاتے ہیں
بھلا دیوانہ کب محتاج ہوتا ہے سفینوں کا

اگر تعمیر ہی مقصود ہو تو عمر لگتی ہے
نہیں ہے کام یہ سیماب سالوں کا' مہینوں کا

اقوالِ شیخ

☆......ساری دنیا کافر ہو جائے تو کفر کے لئے بڑی لمبی مہلت مل سکتی ہے لیکن جب سب لوگ ظلم پر تل جائیں تو ظلم کے لئے لمبی مہلت نہیں دی جاتی یہ قدرت کا قانون ہے۔ کافر تو تین مدتوں کافر رہیں لیکن جب انہوں نے ظلم کرنا شروع کر دیا تو ان کی مہلت ختم ہو گئی!

☆......اللہ کی ولایت یہ ہے کہ وہ اپنے بندے کو تاریکیوں سے نور کی طرف لاتا ہے اور جن کا دوست شیطان ہو وہ روشنی سے اندھیروں کی طرف سفر شروع کر دیتے ہیں' ان کی نیکیاں کم ہونے لگتی ہیں۔

☆......مومنین کا بنیادی وصف یہ ہے کہ جو لوگ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں وہ سب سے زیادہ اللہ سے محبت کرتے ہیں یہ ایمان کا خاصہ ہے کہ جب ایمان کامل ہو جائے تو اللہ کی محبت سب محبتوں پر غالب آ جاتی ہے۔

☆......علوم باطنی کے حامل لوگ اگر اپنے آپ کو کچھ سمجھنا شروع کر دیں تو سمجھ لیں کہ ان کی طلب صادق نہیں رہی اور وہ آب حیات پی کر مر رہے ہیں۔

☆......رائے کی آزادی' جان و مال کا تحفظ' حقوق کی مساوات اگر جمہوریت ہے تو اسلام سے بڑھ کر کوئی اس کی ضمانت نہیں دیتا۔

☆......جب علوم نبوت حال بنتے ہیں تو جس طرح کھانے کی بھوک لگتی ہے اسی طرح نیکی کرنے کے لئے بھی بھوک لگتی ہے پھر نیک عمل بوجھ نہیں بنتا۔

☆......سانس لینا ایک عمل ہے تو جتنے زندگی میں سانس لئے ہیں اس سے زیادہ بار اللہ کا نام لو تو کثرت ذکر ہو گا۔

اسلام اور علوم جدیدہ

ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ ہم اگر دین پڑھنے جاتے ہیں تو وہاں علوم جدیدہ دستیاب نہیں ہوتے اور علوم جدیدہ کے حصول کے لئے جاتے ہیں تو وہاں دین نہیں ملتا یعنی دونوں طرف آدھا آدھا کام ہو رہا ہے۔

گورنمنٹ کالج ویونیورسٹی شاہ پور ضلع سرگودھا کے طلبا سے حضرت امیر المکرم ملک محمد اکرم اعوان مدظلہ کا

خطاب

الحمدللّٰہ رب العلمین۔ والصلٰوۃ والسلام علی حبیبہ محمد وا لہ واصحابہ اجمعین

اعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

العلم علمان علم الا دیان و علم الابدان او کما قال رسول اللّٰہ ﷺ

اللھم سبحنک لا علملنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم

مولا یٰ صل وسلم دائما ابداً

علی حبیبک من زانت بہ العصروا

آپ تشریف لائے میں ادارے کی طرف سے آپ کو خوش آمدید کہتا ہوں اور آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے ہمیں وقت دیا اور اس قابل سمجھا کہ آپ یہاں تشریف لائے۔

اس بات پہ قدیم اور جدید محققین متفق ہیں خواہ وہ مسلم ہیں یا غیر مسلم کہ دنیائے انسانیت میں انسانیت کے حق میں اور بنی آدم کے حق میں سب سے بہترین انقلاب جو انسانی تاریخ میں ہے وہ محمد رسول اللہ ﷺ نے برپا فرمایا اور صرف دو دہائیوں میں برپا فرمایا۔

عالم انسانیت کے لئے دو دہائیاں ایک لمحے کے برابر بھی حیثیت نہیں رکھتیں لیکن حضور اکرم ﷺ نے صرف دو دہائیوں میں عالم انسانیت کو انتہائی پستی سے اُٹھا کر انتہائی عظمتوں سے آشنا کر دیا اور ایسا انقلاب برپا فرمایا جس کے نتائج

آج بھی بلاشک وشبہ دیکھے جا سکتے ہیں۔ ہم جب دنیا کی ترقی یافتہ قوموں کے ترقی پانے کا راز جاننا چاہیں تو ہمیں دیکھنا یہ ہوگا کہ زندگی کے کس کس شعبے میں اُنہوں نے کون کون سا طریقہ اختیار کیا جب آپ یہ دیکھیں گے تو آپ کو سمجھ آجائے گی کہ انہوں نے وہ طریقہ اختیار کیا

آپ اپنے ملک میں دیکھ لیجئے کسی کی دیوار گرجائے یا میاں بیوی میں جھگڑا ہو جائے تو چہ میگوئیاں ہوتی ہیں کہ امریکہ نے کرادیا ہوگا۔بڑی باتوں کو تو چھوڑیں!

جو محمد رسول اللہ ﷺ کا تھا۔ آپ ﷺ کے ارشاد کردہ اصول اگر کافر بھی اپناتا ہے تو دنیوی کامیابیاں اُس کے قدم چومتی ہیں آخرت کا تعلق ایمان سے ہے، ایمان نصیب نہ ہو تو آخرت کا تصور ہی نہیں بنتا اور آخرت کے لئے کوئی کچھ کرتا ہی نہیں آخرت کے لئے ایمان ضروری ہے لیکن ایمان کے بغیر بھی اگر کوئی زندگی کے طریقوں میں وہ سلیقہ اپناتا ہے جو حضور اکرم ﷺ نے تعلیم فرمایا تو دنیوی زندگی میں کامیاب ہو جاتا ہے۔

اقوام مغرب کو دیکھ لیں کہ آج دنیا پہ اپنی طاقت اپنے علوم اپنی جدید ٹیکنیکی ترقی کے باعث فرماں روائی کر رہے ہیں۔ اور ایک Unvisible ایک ان دیکھی سی حکومت ہے اقوام مغرب کی روئے زمین پر کہنے کو تو وہ اپنے دیس میں بیٹھے ہیں لیکن عملی زندگی میں ہم دیکھتے ہیں کہ ہر ہر بندہ ہر جگہ یہی سمجھ رہا ہے کہ ہم پر کنٹرول انہی کا ہے، کیسی عجیب بات ہے! آپ اپنے ملک میں دیکھ لیجئے کسی کی دیوار گرجائے یا میاں بیوی میں جھگڑا ہو جائے تو چہ میگوئیاں ہوتی ہیں کہ امریکہ نے کرادیا ہوگا۔ بڑی باتوں کو تو چھوڑیں!

لیکن دوسرا پہلو انہی لوگوں کا دیکھ لیجئے جہاں انہوں نے وہ اصول نظر انداز کر دیئے جو نبی کریم ﷺ نے تعلیم فرمائے تھے وہیں وہ پستی کا شکار ہوئے مثلاً خواتین کے معاملے میں انہوں نے اپنے اصول بنائے آج ان کی اپنی بہو بیٹیاں اس حد پہ جا چکی ہیں جہاں سے واپس لانا خود ان کے بس میں نہیں رہا۔ ساری ترقی کے باوجود ان کی خانگی زندگی اور ان کی گھریلو زندگیاں تباہ ہو چکی ہیں۔ یہی معاملہ انہوں نے مالی

میں نے مغرب میں جا کے دیکھا کہ عالم یہ ہے کہ خود لندن کی سڑکیں جو ہیں ان کے فٹ پاتھ رات سونے والوں سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں

لین دین میں کیا بنیاد سود پر رکھی جس سے نبی کریم ﷺ نے منع فرمایا تھا۔ اب جا کر دیکھیں اور میں نے مغرب میں جا کے دیکھا کہ عالم یہ ہے کہ خود لندن کی سڑکیں جو ہیں ان کے فٹ پاتھ رات سونے والوں سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں ایک طرف لارڈز ہیں جو امیر ترین ہوتے چلے گئے اور غریب اتنے غریب ہو گئے کہ خود لندن کی سڑکیں اور سردیوں میں لندن کی سڑکوں کے پل ہم نے ٹھٹھرے ہوئے لوگوں سے بھرے

ہوئے دیکھے جو وہاں رات بسر کرتے تھے اور اب بھی یہی حال ہے۔ پچھلے دنوں ایک تجزیہ شائع ہوا تھا کہ نیویارک کی ساٹھ فیصد آبادی فٹ پاتھ پر سوتی ہے ہم جب باہر سے دیکھتے ہیں تو ہمیں وہ چمکتے ہوئے اونچے مکان نظر آتے ہیں لیکن بے گھر آدمی تو کسی کو نظر نہیں آتے۔

یعنی جہاں جہاں سے انہوں نے وہ طریقے چھوڑے ہیں جو نبی کریم ﷺ نے بتائے تھے وہاں وہ بھی ذلت سے دوچار ہیں۔ اسی طرح حضور ﷺ نے "مسکرات" ایسی چیزیں جو انسانی ذہن کو ماؤف کردیں نشہ آور چیزوں سے منع فرمایا انہوں نے اس کی تجارت کی اب اس معاملے میں وہ انتہائی ذلت سے دوچار ہیں۔

تو میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ بحیثیت مسلمان ہم وہ خوش نصیب ہیں جنہیں براہ راست نبی اکرم ﷺ نصیب ہوئے اور

> **عالم انسانیت کے لئے دو دہائیاں ایک لمحے کے برابر بھی حیثیت نہیں رکھتیں لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف دو دہائیوں میں عالم انسانیت کو انتہائی پستی سے اُٹھا کر انتہائی عظمتوں سے آشنا کردیا اور ایسا انقلاب برپا فرمایا جس کے نتائج آج بھی بلاشک و شبہ دیکھے جاسکتے ہیں۔**

یہ اللہ کریم کا اتنا بڑا احسان ہے اتنا بڑا احسان ہے کہ اس کی عظمت کو ہم سمجھ نہیں پا رہے ہمیں اپنی عملی زندگی میں اتباع رسالت ﷺ ایک بوجھ سا لگتا ہے ہمیں شریعت پر عمل کرنا پڑے تو ہم خود کو ایک قیدی سا اور ایک مجبور سا محسوس کرتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمیں اور ہماری تعلیم اور ہمارے تعلیمی نظام کو ادھورا کر دیا گیا۔ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم اگر دین پڑھنے جاتے ہیں تو وہاں علوم جدیدہ دستیاب نہیں ہوتے اور علوم جدیدہ کے حصول کے لئے جاتے ہیں تو وہاں دین نہیں ملتا۔ یعنی دونوں طرف آدھا آدھا کام ہو رہا ہے۔

نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جسے پورا اور مکمل علم کہا جائے اس کے دو حصے ہیں العلم علمان جسے The Knowledge علم کہیں گے اس کے دو حصے ہیں علم الادیان ایک حصہ آدھا علم ہے Normative Sciences کا علم:۔ ایمان، اخلاق، عقائد، نظریات، مزاج اور دوسرا علم ہے علم الابدان Physical Sciences کا علم۔ نظر آنے والی چیزوں کا علم ان کے بارے معلومات ان کا استعمال ان کے فوائد ان کے نقصانات یعنی دینی اور دنیوی دونوں علوم مل کر علم بنتا ہے ہم اپنے حال پر نظر کریں تو ہمیں پتہ چلتا ہے کہ ہم اس معاملے میں ادھورے ہیں۔ ہمارا دینی طبقہ علوم جدیدہ سے گریزاں رہتا ہے اور اس طرف جانے سے بعض اوقات روکتا بھی ہے حالانکہ یہ درست نہیں ہے۔ علوم جدیدہ کی اہمیت کو دیکھا جائے تو خود نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں جب بدر کے قیدیوں کا معاملہ پیش ہوا اور یہ فیصلہ ہوا کہ ان

کا فدیہ مقرر کیا جائے اور جو فدیہ دے دے اسے آزاد کر دیا جائے تو بعض ایسے لوگ بچ گئے جن کے پاس کوئی طریقہ فدیہ دینے کا نہیں تھا کوئی ان کا وارث بھی ایسا نہیں تھا جو ان کا فدیہ دے سکے تو وہ معاملہ بارگاہ رسالت ﷺ میں پیش کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر انہیں کچھ لکھنا پڑھنا آتا ہو تو یہ مدینے کے بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دیں۔ آپ سمجھ سکتے ہیں کہ قیدی مشرکین مکہ تھے اور انہیں دین سے واسطہ نہیں تھا دین پر تو ان کا اپنا یقین نہیں تھا اگر کچھ لکھنا پڑھنا تھا تو وہ دنیوی تھا حضور اکرم ﷺ نے اسے بھی اتنی اہمیت دی کہ اگر یہ چند بچوں کو الف ب ج سکھا دیں تو ان کا یہ فدیہ کافی ہے۔ فرمایا۔ ''حصول علم کے لئے جاؤ خواہ چین جانا پڑے'' اس زمانے میں انتہائی دور کا تصور چین کا تھا آجکل جہاں اُردن کی ریاست ہے یہ عہد نبوی ﷺ میں بہت بڑی منڈی ہوا کرتی تھی مشرق و مغرب کی اور اہل ہند بھی اس میں جاتے تھے، سارا مغرب بھی آتا تھا اس وقت چین کے تاجر بھی وہاں جایا کرتے تھے اور سب سے دور جو تصور ہوتا تھا یا جس کے بارے معلومات تھیں لوگوں کے پاس دور ترین ملک وہ چین تھا حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اگر چین بھی جانا پڑے تو حصول علم کے لئے جاؤ علم دین کا مرکز تو خود

پچھلے دنوں ایک تجزیہ شائع ہوا تھا کہ نیو یارک کی ساٹھ فیصد آبادی فٹ پاتھ پر سوتی ہے ہم جب باہر سے دیکھتے ہیں تو ہمیں وہ چمکتے ہوئے اونچے مکان نظر آتے ہیں لیکن بے گھر آدمی تو کسی کو نظر نہیں آتے۔

آپ ﷺ کی ذات تھی مدینہ منورہ تھا، آپ ﷺ کا ارض حرم دین کی بنیاد تھا، چین میں دین تو نہیں تھا علوم جدیدہ تھے لہذا ضروری ہے کہ ہم اپنی جستجو کو کامل رکھیں۔ جہاں اللہ کریم موقع دے علوم جدیدہ کو حاصل کیجئے میرا یہ تجربہ ہے کہ ہم علم حاصل نہیں کرتے ہم سرٹیفکیٹ چاہتے ہیں ہم سندیں چاہتے ہیں۔ ہماری نظر اس بات پہ ہوتی ہے کہ چلو یہاں ایک سال لگا یہ سند مل جائے گی اس سے ملازمت مل جائے گی یہ اچھی بات ہے۔ طلب رزق حلال فرض عین ہے اور یہ ضروری ہے کہ روزی کے لئے ہم فکر کریں لیکن روزی کا ذریعہ علم نہیں ہے کتنے جاہل ارب پتی ہیں! روزی کے اپنے ذرائع رب العالمین نے بنائے ہیں ہاں جو پڑھا لکھا ہوتا ہے وہ آسانی سے اور بہتر ذرائع اختیار کر لیتا ہے لیکن علم ذریعہ رزق نہیں ہے بلکہ علم ذریعہ معرفت ہے علم کی اپنی ایک حیثیت ہے اور رزق سے بڑھ کر ہے۔ آدمی مفلس رہ سکتا ہے لیکن جاہل رہ جائے تو اس کے دونوں جہاں برباد ہو جاتے ہیں مفلس رہے تو دنیوی زندگی کی تنگی آتی ہے جہالت دونوں عالم برباد کر دیتی ہے تو جہالت جو ہے یہ مفلسی سے بدتر ہے حصول علم رد جہالت کے لئے ہے ہم شمع جلاتے ہیں بے شک اس سے تپش بھی آتی ہے رات ٹھنڈی ہو تو گرمی بھی حاصل کی جاسکتی ہے لیکن اس کا مقصد ظلمت کو اور اندھیرے کو اور تاریکی کو دور کرنا ہے اصل کام اس کا ظلمت کو دور کرنا ہے تو علم کا کام جہالت کا رد ہے۔

تو آپ کے پاس وقت ہے اور آپ حصول علم میں لگے ہیں تو میں یہ چاہوں گا کہ آپ علم کی اہمیت پہ نظر رکھ کر تحصیل علم فرمائیے۔ رزق تقسیم ہو چکا، حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ ''قلم خشک ہو گئے'' ہر کوئی اپنے حصے کی محنت کرے تو اپنے حصے کا رزق پائے گا الا و ان

النفس لن تموت حتی تستکمل رزقها ۔فرمایا کوئی متنفس دنیا سے اس وقت تک نہیں اٹھتا جب تک اپنے حصے کا دانہ اور پانی پورا نہیں کر لیتا دوسرے کا کوئی کھا نہیں سکتا، اپنا کوئی چھوڑ کے نہیں جاتا یہ نظام الٰہی ہے ربوبیت کا ایک نظام ہے ہم دست قدرت میں مہرے ہیں ہماری تو صرف نیت اور ارادہ دیکھا جائے گا۔ ہوگا تو وہی جو وہ چاہتا ہے ہم تو ارادے باندھتے رہتے ہیں، ہماری نیت کیا ہے، ہم سوچتے کیا ہیں، ہم اس کی اطاعت کی حدود پھلانگ کر اپنا آپ منوانا چاہتے ہیں یا اپنے آپکو مٹا کر اس کی عظمت کا اقرار کرتے ہیں۔ ہمارے کردار میں تو صرف یہ بات دیکھی جائے گی باقی کائنات اس کی اپنی ہے۔

لا تتحرك ذرۃ الا باذن اللہ ۔کوئی ذرہ اُس کی اجازت کے بغیر حرکت کی جرات نہیں کرتا۔ علم اس کی عطا ہے علم نور ہے اور معلم کائنات ہیں آقائے نامدار محمد رسول اللہ ﷺ ۔علم مومن کی میراث ہے، دنیا میں جتنی نعمتیں ہیں یہ مومن کے طفیل موجود ہیں۔ نبی کریم ﷺ سے عرض کیا گیا کہ یارسول اللہ ﷺ قیامت کب ہوگی؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔حتی لا یقال اللہ اللہ ۔جب کوئی اللہ اللہ کہنے والا

میرا یہ تجربہ ہے کہ ہم علم حاصل نہیں کرتے ہم سرٹیفکیٹ چاہتے ہیں ہم سندیں چاہتے ہیں۔

نہیں رہے گا تو قیامت قائم ہو جائے گی جب بندۂ مومن دنیا سے اُٹھ جائے گا تو دنیا ختم کر دی جائے گی۔ یہ کائنات اس کی نعمتیں اس کی وسعتیں یہ اس کے مال وزر یہ اسکی آسانیاں اور سہولتیں یہ جدید ٹیکنیک یہ سب مومن کا حصہ ہے یہ ہماری غفلت ہے کہ ہم نے اسے چھوڑ دیا اور کفار اس سے متمتع ہو رہے ہیں اور یہ ہمارے لئے آخرت میں جرم ثابت ہوگا۔ آپ اپنے کسی ملازم کو پیسے دیتے ہیں اسلحہ دیتے ہیں اپنی حفاظت کے لئے اپنے لئے کوئی چیز لانے کے لئے اور وہ مزے سے سوتا رہتا ہے اور دوسرے روز آپ پیسے لے لیتے ہیں بندوق بھی لے لیتے ہیں تو قصور وار کون ہوگا؟ آج اگر جدید ٹیکنیک کفار کے ہاتھوں میں ہے تو اس کے ذمہ دار ہم ہیں کہ ہم سو رہے ہیں۔ ہم نے اپنے منصب کو نہ پہچانا اپنی ذمہ داری کو نہ پہچانا جتنی جدید ٹیکنالوجی ہے اس کی بنیادیں مسلمانوں نے فراہم کی تھیں۔ بحری جہازوں سے لیکر بارود تک اور ہوائی جہاز سے لیکر سیاروں کی تحقیق تک اس سارے کی بنیادیں مسلمان محققین نے فراہم کیں۔ اس وقت مغرب تو Dark Ages میں تھا۔ امریکن اور ان دور دراز مغربی ملکوں کو The Wild Wild West کہتے تھے یعنی دو دفعہ Wild لگاتے تھے West کے ساتھ اور یورپین اقوام کو The Cave Men تاریخ میں لکھا جاتا ہے ''غاروں میں رہنے والے لوگ'' جب نور نبوت سے دنیا چکا چوند ہو رہی تھی تو انہیں مکان بنانا نہیں آتا تھا یہ برصغیر جس میں ہم بیٹھے ہیں آج بھی آپ ان کے ڈرامے ٹیلی ویژن پر دیکھتے ہیں تصاویر دیکھتے ہیں انہیں لباس بنانا تک نہیں آتا تھا یہ اگر کپڑا بن لیتے تھے تو یونہی کپڑے کی چادریں خواتین نے بھی اور مردوں نے بھی لپیٹی

ہوتی تھیں۔ ان سلے کپڑے آپ نے دیکھے ہوں گے بادشاہوں کے بھی تھے تہذیب کا نام کہیں نہیں تھا انسانی تہذیب سے نوع انسانی آشنا نہیں تھی ساری عطا آقائے نامدار ﷺ کی ہے کہ انہوں نے بنی آدم کو انسانی عظمتوں سے آشنا فرمایا۔ آپ ﷺ کی عطا نے ایک عام ضرورت کی چیز سے لیکر بڑی سے بڑی معرکتہ آرا تحریک تک انسانی ذہن کو جلا بخشا یہ ہماری کمزوری ہے کہ ہماری وراثت سے ہمارے دشمن فائدہ اٹھا کر ہم پر حکومت کر رہے ہیں۔ حصول علم کا بلند نصب العین رکھیے کہ اپنی کھوئی ہوئی وراثت اپنی کھوئی ہوئی دولت حاصل کیجیئے۔ تحقیق کے میدان میں قدم رکھیے قوم کو اور آنے والی نسلوں کو تحقیق سے آشنا کیجیئے۔ اللہ سے اپنا تعلق ایسا رکھیئے جیسے ہر بندے کو ہر مومن کو یہ دعویٰ ہوتا ہے کہ اللہ میرا ہے۔ ہم نے نہ اللہ کو اون Own کیا اور نہ اللہ کے حبیب ﷺ کو۔ ہم سمجھتے ہیں اللہ مولوی صاحب کا ہے پیر صاحب کا ہے یہ منا لیں گے۔ دین مولوی صاحب کا حصہ ہے یہ کرتے رہیں گے۔ نہیں، اللہ بھی ہمارا اپنا نبی ﷺ ہمارا اپنے ہیں، دین ہمارا اپنا ہے اُون Own

طلب رزق حلال فرض عین ہے اور یہ ضروری ہے کہ روزی کے لئے ہم فکر کریں لیکن روزی کا ذریعہ علم نہیں ہے کتنے جاہل ارب پتی ہیں!

کیجیئے آپ Own کریں گے تو پھر یقیناً آپ اس کی باریکیوں کو جاننا چاہیں گے، سمجھنا چاہیں گے عمل کرنا چاہیں گے۔ آپ اگر بنظر غور ملا حظہ فرمائیں گے تو دین پر عمل آسان اور دین کے خلاف ہر عمل آپ کو پریکٹیکل مشکل نظر آئے گا۔ کوئی بھی بندہ علیحدہ بیٹھ کر سوچے کہ یہ جو کام میں کرنے چلا ہوں اس کا غیر شرعی طریقہ کیا ہوگا اور اس کا شرعی طریقہ کیا ہے تو یقیناً شرعی طریقہ آرام دہ اور آسان ہوگا۔ باعزت ہوگا ہماری بدقسمتی اور ناواقفیت ہے کہ ہمیں جب دنیا بتائی جاتی ہے تو دین نہیں بتایا جاتا اور جہاں دین بتایا جاتا ہے وہاں دنیا نہیں بتائی جاتی، یہ ہماری بدقسمتی ہے۔ ہمارے ارادوں کو تو جامع ہونا چاہیے دین و دنیا دونوں طرف کی باتوں کا اور بندہ مومن وارث ہے کائنات کا۔ ہماری کمزوری سے کفار اُن نعمتوں پہ چھائے ہوئے ہیں۔ اللہ کریم آپ کو ہمت دے کہ آپ صحیح علم حاصل کریں اور آنے والی نسلوں تک صحیح امانت پہنچائیں۔ آپ تشریف لائے میری گذارشات سنیں آپ کا بہت شکریہ۔ اللہ کرے میں کوئی بہتر بات کر سکا ہوں

جزاک اللہ و احسن الجزاء

اے ایمان والو!
سارے کے سارے اسلام کے اندر آجاؤ

الحمدلله رب العلمین۔ والصلوة والسلام علی حبیبه محمد وا له واصحابه اجمعین

اعو ذ بالله من الشیطن الرجیم۔ بسم الله الرحمن الرحیم

یا ایها الذین امنو ا ادخلو فی السلمه کافة o

اللهم سبحنک لا علملنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم

مولا ی صل و سلم دائما ابدا

علی حبیبک من زانت بـه العصروا

ارشاد باری تعالیٰ ہے اور بڑی عجیب بات ہے کہ خطاب مومنین سے ہے۔ وہ خالق ہے مالک ہے جیسے انسان کا خالق ہے اُسی طرح انسان کی استعداد سوچوں اور فکر کا بھی خالق وہی ہے۔ اُس نے انسان کو انتخاب کا اختیار دیا ہے۔

انا هدینه السبیل اما شاکر او اما کفورا۔ اُسے اختیار ہے کہ وہ شکر کا راستہ اختیار کرنا چاہتا ہے یا نہیں اس اختیار کے پیچھے جو انسانی نفسیات ہے وہ اُسے خوب جانتا ہے۔ دنیا جسے بدنام کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ دنیا بڑی گندی اور بڑی بُری چیز ہے یہ حقیقت نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ دنیا بڑی خوبصورت، دنیا بڑی لذیذ اور دنیا اتنی انسانی مزاج کے لئے پسندیدہ چیز ہے کہ انسان اس دنیا کے لئے اپنے خالق کو چھوڑ بیٹھتا ہے اگر یہ خراب ہوتی بدصورت ہوتی بے لذت ہوتی تو بے لذت کو اختیار کر کے وصال الٰہی کی لذتیں کیوں قربان کرتا! یہ بھی اُس کی تخلیق ہے اور اُس نے اتنی خوبصورت بنائی ہے کہ یہی انسان کے لئے امتحان بن گیا۔ یاد رکھیں! اعمال کی ساری عمارت عقائد ونظریات پہ کھڑی ہوتی ہے۔ نظریات میں جب خرابی آتی ہے تو اعمال کی کوئی وقعت نہیں رہتی۔ اعمال کی ساری عمارت ہمارے نظریات پہ کھڑی ہے عمل تھوڑا ہو عقیدہ اور نظریہ صحیح ہو تو وہ قیمت پا جاتا ہے اور عمل بہت زیادہ ہو لیکن اُس کے پیچھے عقیدہ درست نہ ہو تو اُس کی کوئی قیمت نہیں ہوتی۔ ہماری مصیبت یہ ہے کہ ہم نے ہزاروں سال کم وبیش ڈیڑھ ہزار برس ہندوؤں کے ساتھ گزارا ہے اور اُس میں ایسے مسلمان حکمران بھی آئے ہیں جنھوں نے اسلام کو تبدیل کر کے ہندو مسلم اتحاد کی کوشش کی ہے اور اسلام میں کافرانہ نظریات شامل کیے ہیں۔

اللہ کے ایسے بندے بھی تھے جنھوں نے بڑا خالص دین اور خالص عمل روشناس کرایا اور ایک عالم کی اصلاح کی لیکن ایسے بھی تھے کہ نصف صدی حکومت کی کم وبیش اکبر اعظم نے اور وہ ہندو مسلم اتحاد کا داعی بنا رہا بلکہ اُس کا جانشین جہانگیر جو تھا وہ ایک ہندو خاتون کا بیٹا تھا اُس کی ہندو بیوی سے تھا تو ہندوؤں مسلمانوں میں شادیاں ہوئیں ایک دوسرے کے نظریات گڈمڈ ہوئے تو بہت سی چیزیں ہمارے اندر ہندوؤں میں سے آگئیں۔

مثلاً میری بہت سی ڈاک یہ ہوتی ہے کہ "جی! میری روزی کسی نے بند کر دی" اب یہ نظریہ اسلام کا اور مسلمان کا تو نہیں ہو سکتا۔ یہ نظریہ یقیناً ہندوؤں سے آیا ہے۔ مسلمان کا تو سیدھا سا عقیدہ ہے کہ رازق اللہ ہے اور جو چیز اللہ دیتا ہے اُسے کوئی روک نہیں سکتا اور جو وہ نہیں دیتا کوئی اُس سے چھین کر لے نہیں سکتا۔ زندگی ایک مسلسل عمل ہے اُس میں اُتار چڑھاؤ ہے اور اُس نے اپنی مرضی سے رکھا ہے۔ وہ اپنے بندوں کو آزماتا ہے کبھی اُنہیں طاقت و قوت دے کر کبھی اُنہیں کمزوری دکھا کر کبھی اُنہیں فتح ہوتی ہے کبھی شکست کا سامنا ہوتا ہے دیکھنا یہ ہوتا ہے کہ اللہ پر اُن کا اعتماد رہتا ہے یا نہیں۔ خوشحالی میں اور پیسے کی فراوانی میں اللہ اللہ کرتے ہیں یا کبھی فاقے آ جائیں تو بھی اللہ پر اعتبار کرتے ہیں۔

فاما الانسان اذا ما ابتلہ ربہ فاکرمہ و نعمہ. ایک آزمائش یہ ہوتی ہے انسان کی کہ اُس پر بہت مہربانیاں کرتا ہے اور بہت دولت اُسے دیتا ہے۔ واما اذا ما ابتلہ فقدر علیہ رزقہ، اور جب کوئی آزمائش آتی ہے تو وہ چیزیں تنگ کر دیتا ہے دولت میں کمی آ جاتی ہے، وقار میں کمی آ جاتی ہے، اختیار میں کمی آ جاتی ہے تو وہ دیکھتا ہے کہ یہ کس حال میں مجھ پہ بھروسہ کرتا ہے۔ وہ جانتا ہے، وہ جاننے کے لئے نہیں آزماتا وہ ہمیں بتانے کے لئے آزماتا ہے کہ روزِ محشر جب ہم اُس کے سامنے جائیں گے تو ہمارے اعمال ہمارے سامنے رکھ کر کہے گا کہ دیکھو تم نے کہاں کہاں مجھ پر بھروسہ کیا اور کہاں کہاں میرے دامنِ رحمت کو چھوڑ گئے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ شاید یہ کمی میری طرف سے ہی ہے کہ اتنا عرصہ اللہ اللہ کرنے کے بعد کم از کم آدمی کی سوچ تو کافر سے مختلف ہو جائے۔ یہ تو پتہ چلے کہ یہ سوچ مسلمان کی ہے اور وہ سوچ کافر کی ہے اگر ہم اپنی فکر ہی الگ نہیں کر سکے، مسلمان تو دنیا میں بالکل ایک الگ تھلگ چیز ہے کسی معاشرے میں کسی سوسائٹی میں کسی حال بھی ہو وہ پہچانا جاتا ہے۔ مسلمان بے اختیار ہوتا ہے، مسلمان کے اختیارات اللہ اور رسول ﷺ کے پاس ہوتے ہیں۔ جو حکم وہاں سے ہوتا ہے اُس پر عمل کرتا ہے اُس کا اپنا اختیار نہیں ہوتا۔ باقی دنیا جو دنیائے کفر ہے وہ اپنی پسند کے لوگ ہیں جیسے جی چاہتا ہے ویسے جیتے ہیں اُن کا اپنا حساب ہوگا مومن کا اپنا حساب ہوگا۔ اس صورتِ حال کو قرآن کریم نے یہاں واضح کیا ہے۔

یا یھاالذین امنو۔ دیکھو کیسی عجیب بات ہے کہ جب ایمان لے آئے فرمایا نہیں ایمان تو لے آئے۔ ادخلو فی السلم کافتہ. سارے کے سارے اسلام کے اندر آ جاؤ یہ نہ ہو کہ ایمان تو لے آئے لیکن کردار کافروں کا ہے۔ ایمان تو لے آئے لیکن سوچ غیر اسلامی ہے۔ ایمان تو لے آئے اور سود بھی کھا رہے ہیں۔ ایمان تو لے آئے بدکاری بھی ہو رہی ہے۔ ایمان تو لے آئے اور چوری بھی کر رہے ہیں۔ بھئی! یہ کونسا اسلام ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ ایمان لانے کے بعد بھی شیطان کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔

ولا تتبعو اخطوت الشیطن۔ خطوۃ کہتے ہیں نقش قدم کو۔ خطوات جمع ہو گئی کہ پھر ایمان لانے کے بعد یہ زیب نہیں دیتا کہ آپ شیطان کے نقوش پا پہ قدم بقدم چلو۔ آپ کے لئے تو محمد رسول اللہ ﷺ کے نقوش پا ہیں۔ ایمان لانے کے بعد نقش کف پائے رسول اللہ ﷺ کو تلاش کرو۔ اپنی سوچوں کو خود تو لو قرآن کے آئینے میں قرآن کے ترازو میں اپنی سوچوں کو خود تو لو حدیث کے ترازو میں تو لو۔ دو طرح کے لوگوں سے سابقہ پڑتا ہے۔ اتنا عرصہ ذکر اور اللہ اللہ کرنے کے بعد نظریات میں پھر وہیں بیٹھے ہوتے ہیں جہاں ہندو بیٹھا ہوتا ہے کہ جی! میری روزی کسی نے بند کر دی، میرے بچے پر کسی نے جادو کر دیا یہ یورپ میں امریکہ میں ان کافروں کی روزی کیوں بند نہیں ہوتی۔ کہیں یہ

نظریہ نہیں پایا جاتا سوائے ہندوستان کے اور ہندوستان میں ہندوؤں کی وجہ سے ہے۔ اُن کے نظریات ایسے ہیں اُن کا مذہب ہی ایسا ہے۔ میں ایک دفعہ دوبئی تھا ساتھیوں نے جو گاڑی مجھے دی اُس کا ڈرائیور ایک ہندو تھا ایک دن کہیں جانا تھا تو وہ دیر سے آیا میں نے اُس سے پوچھا بھئی! کہ آپ نے دیر کردی کہنے لگا جی! آج ہمارا ایک تہوار تھا اور یہ بڑا ضروری ہوتا ہے سال میں ایک دن ہوتا ہے تو میں نے اُس سے تفصیل پوچھی کہ اس میں تم کیا کرتے ہو تو وہ کہنے لگا کہ جی! ہم کچھ اپنی رسومات کرتے ہیں ہر گھر میں ہم نے بت رکھے ہوئے ہیں اُن کی پوجا پاٹ کرتے ہیں کچھ دیئے جلاتے ہیں اور پھر آٹے کا ایک ''پیڑھ'' بناتے ہیں اور وہ جا کر کہیں راستے میں پھینک دیتے ہیں۔ میں نے کہا اُس کا کیا فائدہ کہنے لگا اُس پر جس کا پاؤں آ گیا ہماری ساری بیماریاں اُس کو چمٹ جاتی ہیں۔ یہ اُن کا نظریہ ہے، عقیدہ ہے۔ اَب اسلام ایثار سکھاتا ہے کہ دوسرے کی تکلیف اگر تم لے سکو شیئر کر سکو اُس کی مدد کرو۔ بالکل مختلف عقیدہ ہے۔ اسلام یہ سکھاتا ہے کہ دوسرے کی پریشانی اگر کم کر سکو تو کوشش کرو۔ اُن کا مذہب یہ سکھاتا ہے کہ اپنی پریشانیاں اکٹھی کر کے دوسرے پہ مڑھ دو۔ تو کتنا دِن اور رات کا فرق ہے! اس طرح کی منفی سوچیں جو آتی ہیں کہ فلاں نے مجھے بیمار کر دیا، فلاں نے میرا بیٹا چھین لیا۔ بھئی! ہر بندہ اپنے کردار کا خود مکلف ہے اگر کسی کے عمل سے وہ بدکار ہو گیا تو اس کا مطلب ہے اللہ کے نظام میں اتنی کمزوری ہے کہ جس کا جی چاہے دوسرے کی کل مروڑ دے۔ اُس نے تو ابلیس سے بھی کہہ دیا تھا کہ

ان عبادی لیس لک علیھم سلطن۔ جو بندے میرے ہونگے اُن پر تیرا بس نہیں چلے گا۔ اب ابلیس سے طاقتور برائی کونسی ہے اُس نے روزِ ازل ہی ابلیس کو بتا دیا۔ ہاں میرے نہ بنے تو پھر تو جان وہ جانیں۔ تو اگر ہے تو پھر تو فکر کی بات نہیں۔ روز صبح شام آپ مراقبہ کرتے ہیں۔ وھو معکم این ما کنتم۔ تم جہاں کہیں ہو اللہ تمہارے ساتھ ہے۔ ونحن اقرب الیہ من حبل الورید۔ وہ شہہ رگ سے بھی قریب ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ ہمارے اندر موجود ہے دِل میں موجود ہے۔ رگِ جاں سے زیادہ قریب ہے اس کے برعکس یہ سوچ کہ وہ مجبور ہے بس ہے اور ہم پر جادو ہوئے جا رہے ہیں یہ نظریات اسلامی نہیں بنتے۔ اللہ اللہ کرنے سے مراد یہ نہیں ہے کہ آپ نے صبح شام اللہ اللہ کر لی اور آپ جنت کے ٹھیکیدار بن گئے اور آپ ولی اللہ ہو گئے اور اَب لوگ آپ کے پیچھے پیچھے پھریں۔ اللہ اللہ کرنے سے مراد اور ذکر کا سب سے پہلا حاصل یہ ہے کہ عقائد و نظریات اور سوچ و فکر درست ہو۔ یہ درست ہو گی تو اعمال درست اور صحیح ہوں گے۔ اگر یہ درست نہ ہو گی تو اتفاقاً جو عمل صحیح ہو گا وہ بھی قابل قبول نہیں ہو گا چونکہ عمل کی بنیاد نیت اور فکر پر ہے۔

انما الاعمال بالنیات۔ تو میرے بھائی! سب سے زیادہ اپنی تفتیش کیا کرو ہم دوسرے کی کرتے ہیں، ہماری عادت ہے کہ ہم رات دن دوسرے کی کھوج میں رہتے ہیں کہ اس نے کیا کہا اس نے کیا کھایا، اس نے کیا کیا اُس کو چھوڑ وہ اپنا حساب خود دے گا سب سے زیادہ تفتیش اپنی کیا کریں کہ میں نے دِن بھر میں کیا کیا۔ رات میری کیسے گزری۔ میں نے کیا سوچا کیا بُرا سوچا یہ حساب ضروری ہے۔ اگر احتساب ہو گا تو اصلاح ہو گی۔ احتساب نہیں ہو گا تو زندگی ضائع ہو جائے گی۔ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ اپنا احتساب کرتے رہو اس سے پہلے کہ تمہارا احتساب کیا جائے۔ اپنا حساب خود جانچتے رہو اُس وقت سے پہلے جب تم سے حساب لیا جائے۔

اور اگر ذکر اذکار سے بھی اصلاح نہیں ہوتی تو یہ تو ''لائف سیونگ ڈرگ'' اور آخری علاج ہے اس کے بعد تو کوئی ایسا علاج نہیں جو اس بیماری

کو درست کر سکے یہ آخری علاج ہے فائنل ہے۔ تو یہ ضروری نہیں ہے کہ ہم بہت بڑے آدمی بن جائیں یہ ضروری ہے کہ کم از کم ہم آدمی اور انسان بن جائیں۔ کم از کم شیطنت کا جو حصہ ہے، شیطان کا جو حصہ ہے وہ ہم سے نکل جائے اور جو انسان بن گیا اُس نے سارے کمالات پالئے۔ ساری عظمتیں انسان کے لئے ہیں جو انسان بن گیا اُسے وصول حق بھی نصیب ہوگا۔ بارگاہ نبوت ﷺ میں بھی قبول ہوگا آخرت کی شرمندگی سے بھی بچے گا۔ دنیا کی ذلت سے بھی اللہ اُسے بچائے گا لیکن اگر انسان ہی نہ بن سکا تو اس آیہ کریمہ میں یہی تنبیہہ ہے۔

یا ایھا الذین امنوا. دیکھیں اللہ کریم نے کفار کو یا عام انسان کو مخاطب نہیں فرمایا اُس سے بات کی ہے جو اپنے آپ کو مومن کہتا ہے، جو کلمہ حق پڑھتا ہے، جو نماز روزہ کرتا ہے اپنے آپ کو مومن سمجھتا ہے۔ فرمایا یوں مزا نہیں آتا بات جب ہے کہ ادخلوا فی سلم کافۃ. سارے کا سارا اسلام کے اندر آجائے غلطی کوتاہی ہو جانا یہ الگ بات ہے۔ اُس کا علاج تو یہ ہے اُس کا علاج آئندہ غلطی سے اجتناب ہے۔ غلطی نہ کرنا ہے۔ توبہ کا مطلب ہوتا ہے کہ جو کچھ ہو چکا وہ آئندہ نہیں دہراؤں گا۔ توبہ کا مفہوم یہ ہے کہ جو غلطی مجھ سے ہوئی میں وہ دوبارہ نہیں کروں گا۔ میں اُس سے بچنے کی پوری کوشش کروں گا اور اگر پھر ہو جائے تو پھر بھی علاج توبہ ہی ہے۔

نبی کریم ﷺ جو شافع محشر ہیں وہ فرماتے ہیں کہ استغفار پڑھا کرو استغفار توبہ ہی ہے فرماتے ہیں کہ سو مرتبہ تو میں بھی دن میں پڑھتا ہوں۔ تو میری گذارش یہ ہے کہ اپنی پوری توجہ اپنی اصلاح پہ دیجئے حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ میری دن رات کی محنت سے مراد یہ ہے کہ کچھ لوگ ایسے دنیا میں ہوں جنہیں دیکھ کر کوئی کہہ سکے کہ مسلمان ایسے ہوتے ہیں۔ جن کا کردار جن کی گفتار، جن کا لوگوں کے ساتھ تعلق جن کے معمولات ایسے ہوں کہ اُنہیں دیکھ کر یہ کہا جا سکے کہ مسلمان اس طرح کے ہوتے ہیں۔ تو اللہ کریم ہمت اور توفیق دے اپنا محاسبہ کیجئے اور اس محنت کا ثمر حاصل کیجئے ہمارا کیا ہے ہماری تو نوکری ہے کیے جارہے ہیں کوئی بھی آئے ہماری ذمہ داری ہے کہ اُسے اللہ اللہ بتائیں۔ آگے وہ کیا کرتا ہے یہ معاملہ اُس کے اور اُس کے رب کے درمیان ہے۔ اپنی کوتاہیوں سے ڈرتا رہتا ہے کہ کہیں اپنی نوکری میں کوئی غلطی نہ کریں۔ کوشش یہ کی جاتی ہے کہ ہر ایک کو تسلی سے دلجمعی سے اللہ اللہ بتائی جائے اور کبھی میں نے کوشش نہیں کی کہ کسی کے ساتھ ذاتی مراسم بڑھائے جائیں اور وہ بڑا امیر ہے اور اُس سے یہ فائدہ ہوگا یا وہ بڑا حاکم ہے اُس سے یہ فائدہ ہوگا، یہ کبھی کوشش نہیں کی۔ سب سے بڑا حاکم بھی وہ ہے اور سب سے بڑا دینے والا بھی وہ ہے۔ اللہ کریم آپ سب کو توفیق دے آپ سب کی محنت قبول فرمائے۔ اپنا محاسبہ بھی کیجئے اپنی کارکردگی دیکھیے اور ساری زندگی اس میں گزار دیجئے کہ میں کیسے بچوں۔ بندہ تو وہ ہے جو دوسروں کو بھی بچانے کا سبب بن جائے۔ نہ صرف خود کو بچائے بلکہ اللہ کے دوسرے بندوں کو بھی دوزخ سے بچانے کا سبب بن جائے۔ اللہ کریم کے نزدیک سب سے پسندیدہ بندہ وہ ہے جو خود بھی اللہ کے غضب سے بچنے کی کوشش کرے اور دوسروں کو بھی اللہ کے غضب سے بچانے کی کوشش کرے۔ ہمارے ہاں تبلیغ میں بھی یہ نقص آگیا ہے کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہم نے فلاں آدمی کو فتح کرلیا اور اُسے اپنے ساتھ ملا لیا۔ کسی نے کسی کو فتح نہیں کرنا ہوتا بلکہ اُس کی بھلائی میں اور اُس کو اللہ کی مخلوق سمجھ کر دردِ دل اور ہمدردی کے ساتھ کوشش کی جائے کہ اللہ کا کوئی بھی بندہ اللہ کی ناراضگی سے بچ کر اُس کے دروازے پہ آجائے تو یہ بھلی کوشش ہے اللہ کریم اس سے بہت خوش ہوتے ہیں اور قبول فرماتے ہیں۔

سوال و جواب

سوال :۔ آج کل یہ طرزِ فکر عام ہے کہ اپنے آپ کو بہتر کرو، خود کو نیکی پر کار بند رکھو لیکن دوسروں کو کچھ نہ کہو۔ اس طرزِ فکر کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دین کے اور ایمان کے دو حصے ہیں پہلا شعبہ ہے ''احقاق حق''۔ حق کو قبول کرنا، حق پر عمل کرنا اور حق کو پھیلانا۔ احقاق حق سے مراد یہ ہے کہ حق کو قبول بھی کرے، مانے بھی یقین بھی کرے اُس پر عمل بھی کرے اور اسے دوسروں تک پہنچانے کی بھرپور سعی بھی کرے۔ لیکن یہ آدھا کام ہے دوسرا شعبہ ہے ''ابطال باطل'' باطل کا انکار بھی کرے اُس سے بچنے کی بھرپور کوشش کرے اور دوسروں کو اُس سے بچانے کی بھرپور سعی کی جائے اگر آدمی اسی بات پہ رہ جائے کہ میں ایمان تو لے آیا ہوں اور اگر میں غلط کو غلط کہوں گا یا کفر کو کفر کہوں گا یا باطل کو باطل کہوں گا تو ایک خواہ مخواہ کی دشمنی بنے گی جو جس کا جی چاہے کرتا رہے میں مانتا ہوں یہ مکمل ایمان نہیں ہے۔ قرآن حکیم میں آپ دیکھتے ہیں کہ جہاں بھی ایمان لانے کی بات ہوئی ہے وہاں کفر کو رد کرنے کی بات بھی ہوئی ہے۔ دونوں شعبے ہیں ایمان کے۔

نبی کریم ﷺ کے ساتھ مخالفت میں ساری باتوں سے عاجز آ کر اہل مکہ نے پھر یہ کوشش کی کہ آپ ﷺ اپنا دین رکھیں، مانیں آپ ﷺ اپنا دین بیان کریں جس کا جی چاہتا ہے وہ آپ کا دین مان لے لیکن ہمیں کیونکہ ایک جگہ رہنا ہے مل جل کر رہنا ہے پھر جو ہمارا دین صدیوں سے آ رہا ہے ہمارے آباؤ و اجداد سے آ رہا ہے جن چیزوں کو یا جن ناموں کو یا جن بتوں کو ہم خدا مانتے ہیں آپ ﷺ اُن کا ابطال نہ کریں اُنہیں غلط نہ کہیں۔ ورنہ تو مکہ مکرمہ میں کم وبیش دنیا کا ہر مذہب ہی موجود تھا اس لئے کہ عرب تاجر لوگ تھے۔ تجارتی قافلے لے کر دور دراز ممالک میں جاتے تو جہاں جاتے وہاں سے کوئی نہ کوئی نئی خرافات بھی ساتھ لے آتے تو بہت سے ادیان باطلہ مکہ مکرمہ میں موجود تھے، بتوں کے پجاری تھے، جنوں کو پوجنے والے تھے، جانوروں کے پجاری تھے، فرشتوں کو پوجنے والے تھے، سورج کو پوجنے والے تھے، آگ کے پجاری تھے، بہت سے ادیان گڈمڈ ہو چکے تھے تقریباً دنیا کا ہر مذہب کسی نہ کسی صورت میں وہاں موجود تھا۔

لیکن وہ سارے مل جل کر گزارہ کر رہے تھے جو سورج کو پوجتے تھے وہ بتوں کے پوجنے والوں کو بتوں کی پوجا سے نہیں روکتے تھے وہ دوسروں کو جو فرشتوں کو پوجتے تھے انہیں منع نہیں کرتے تھے۔ یہ سارے اپنا اپنا کام تو کر رہے تھے لیکن یہ نہیں کہتے تھے کہ یہ حق ہے اور یہ غلط ہے وہ اس لئے بھی ممکن تھا کہ سارے ہی باطل تھے اب باطل باطل کو کیا روکے گا تاریکی تاریکی کا کیا بگاڑے گی۔ لیکن روشنی یا نور وہ تو ضد ہے تاریکی کی۔ جہاں بھی آئے گا جتنا بھی آئے گا اتنا تاریکی کو نور میں تبدیل کرے گا۔ اب ایک جگنو کی کیا حیثیت ہے کہ

چھوٹا سا ایک کیڑا ہوتا ہے اور ذرہ سی روشنی ہوتی ہے لیکن جتنی بھی تاریکی ہو جگنو اس کے سینے میں سوراخ کر رہے ہوتے ہیں۔

جاء الحق و زھق الباطل. جب حق آیا تو باطل کو بھاگنا پڑا، جانا پڑا، رخصت ہونا پڑا کیونکہ حق و باطل دو چیزیں ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتیں ایک نور ہے ایک ظلمت ہے ایک روشنی ہے ایک تاریکی ہے۔

تو بالآخر انہوں نے بڑے بڑے سرداروں کو جمع کر کے وفد ترتیب دیا اور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ بات پیش کی کہ آپ ﷺ اپنے دین پہ قائم رہیے۔ آپ ﷺ اپنا دین بیان کیجیے۔ اپنے پروردگار کی باتیں کیجیے لیکن اس حد تک کیجیے کہ میرا خدا ایسا ہے میرا پروردگار ایسا ہے، میرا مالک ایسا ہے۔ آپ اس کو مانو اس کی عبادت کا یہ طریقہ ہے۔ یہ سارا کچھ آپ کیجیے ہم آپ ﷺ سے تعرض نہیں کرتے لیکن ہمارے خداؤں کو، ہمارے دین کو، جنہیں ہم مانتے ہیں انہیں آپ غلط نہ کہیے باطل نہ کہیے۔ آپ ﷺ اُن کا انکار نہ کیجیے تو پھر ایک جگہ گزارہ ہو سکتا ہے۔ جیسے پہلے بہت سے ادیان ہیں اور ہم آپس میں گزارا کر رہے ہیں اور اس معاملے میں بڑی پیشکش بھی کی۔ نبی کریم ﷺ کا جواب آج بھی سنہری حروف میں موجود ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم تو زمینی دولت کی اور حکومت کی اور ریاست کی بات کرتے ہو۔ تم اگر آسمان سے چاند اور سورج بھی لے آؤ ایک ہاتھ پہ چاند دوسرے پہ سورج رکھ دو تو بھی میں وہی کہوں گا جو میرا رب مجھے کہنے کا حکم دیتا ہے باطل کو باطل کہنا میرے فرائض میں ہے، حق کو حق کہنا میرے فرائض میں ہے۔

یہ ضروری نہیں کہ نوع انسانی سے بندہ نفرت شروع کر دے دوسروں کو مار دھاڑ شروع کر دے دوسروں سے جینے کا حق بھی چھین لے۔ نہیں، ہر انسان کو زندہ رہنے کا حق حاصل ہے، بغیر حکم شرعی اُس سے نہیں چھینا جا سکتا۔ زندگی لینا اس کا کام ہے جو زندگی دیتا ہے اور اگر وہ حکم دیتا ہے تو کسی کی زندگی ختم کی جاتی ہے یہ اس کا کام ہے شریعت حکم دیتی ہے تو وہ اللہ کا حکم ہے رسول اللہ ﷺ دیتے ہیں تو اللہ کا حکم ہے جس نے زندگی دی ہے وہ لے سکتا ہے جو زندگی دے نہیں سکتا اسے لینے کا بھی حق نہیں ہے۔ ہر انسان کو زندہ رہنے کا حق حاصل ہے یہ اسے اللہ نے دیا ہے جب زندہ رہتا ہے تو زندگی کی ضروریات کا حق اس کے ساتھ ہوگا۔ اسے کاروبار کرنے کا حق بھی ہے اس کی عزت مال جان آبرو کے تحفظ کا حق ہے یہ سارے حقوق اسے اس ایک حق میں مل جاتے ہیں کہ اسے زندہ رہنے کا حق ہے۔

دوسرا حق جو ہر انسان کو اللہ نے دیا ہے وہ مذہب اختیار کرنے کا حق ہے اس کا دل چاہے تو وہ حق کو قبول کرے نہ دل چاہے تو کافر ہی رہے بندوق کی گولی سے یا لاٹھی مار کر یا زبردستی کسی سے دین منوایا نہیں جا سکتا، اس کی اجازت نہیں ہے۔ یعنی دو بنیادی حق ہیں زندہ رہنا اور عقیدہ اپنی پسند کا رکھنا۔ یہ دونوں حقوق ہر بندے کو حاصل ہیں۔

غزوات نبوی ﷺ میں مشرکین بت پرست جنگ میں قید ہو کر آتے اور قیدیوں کو غلام بنا دیا جاتا لیکن جو بہترین سلوک تھا وہ اسلام نے قیدیوں سے کیا ورنہ قیدیوں کا جو حشر ہوتا تھا اور جو ہوتا ہے جو آج ہو رہا ہے وہ بھی آپ روزمرہ کی خبروں میں سن رہے ہوتے ہیں پڑھ رہے ہوتے ہیں جو کچھ ابوغریب جیل میں ہوا جو کچھ گوانتاناموبے میں ہوا، جو افغانستان قلعے کے قیدیوں پہ بیتی اکھٹے قتل کر دیے گئے۔ تو پہلے بھی ایسا ہوتا تھا اور اب بھی ایسے ہی ہو رہا ہے۔ اسلام نے قیدیوں کو زندہ رہنے کا حق دیا صرف اُن کی آزادی سلب کر لی۔ لیکن غلامی میں بھی حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو خود کھاتے ہو انہیں بھی کھلاؤ، جیسا خود پہنتے ہو ویسا انہیں پہناؤ، جس کام کی ان میں طاقت نہ ہو وہ کام کرنے کا حکم نہ دو اور ان کے مذہبی امور میں

مداخلت نہ کرو اگر کوئی بت پوجتا ہے قیدی ہے اسے بت پوجنے کا حق ہے اسے اس کا جواب اللہ کے ہاں دینا ہے۔ مدینہ منورہ رہ کر وہ اپنے اپنے دین پر رہے تو کوئی تعرض نہیں کرتا تھا، کوئی نہیں روکتا تھا۔تو دو بنیادی حقوق ہر بندے کو حاصل ہیں اللہ نے زبردستی منوانا ہوتا تو وہ قادر تھا ہر ایک کو دین حق پہ ہی پیدا کرتا وہ اس کی اطاعت کرتا رہتا یہی تو آزمائش ہے انسان کی کہ اسے اختیار دیا گیا۔انا ھدینہ السبیلہ اما شاکرا واما کفورا۔وہ چاہے تو اللہ کا شکر اختیار کرے چاہے تو ناشکری اختیار کرلے۔راستہ بتا دیا ہے، راستہ دکھانا دین پہنچانا فرض ہے لیکن اس لئے نہیں جیسے آپ نے دیکھا ہوگا کہ اکثر علماء کے ناموں کے ساتھ یہ عقیدت مند حضرات لکھ دیتے ہیں فلاں فاتح قادیان، فاتح فلاں اور فاتح فلاں۔کسی کو فتح کرنے کے لئے دین نہیں سمجھایا گیا۔دین پہنچایا جاتا ہے اللہ کی طرف سے فرض ہے،ہم پر دوسروں تک پہنچانا اب اگر وہ مانتا ہے تو وہ ہمارا بھائی ہے وہ فتح نہیں ہوگیا بلکہ وہ قابل احترام ہوگیا، قابل عزت ہوگیا۔وہ مفتوح نہیں ہوگیا۔کہ وہ ہار نہیں گیا یہ سمجھ لینا کہ میں نے اسے یہ مسلمان نہیں تھا میں نے اسے اسلام سکھایا اور میں نے اسے فتح کرلیا تو یہ غلط ہے وہ فتح نہیں ہوگیا۔شاید اللہ اسے قبول کرلے ہم سے بہتر مسلمان بن جائے بلکہ تجربہ یہ ہے کہ ہم جو موروثی مسلمان ہیں میرا تجربہ یہ ہے کہ جو نومسلم اپنی پسند سے اسلام اختیار کرتے ہیں وہ عمل میں ہم سے بہتر ہوتے ہیں ہم سستی کرتے ہیں وہ اتنی سستی نہیں کرتے۔

تو دین کا پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے اور اگر کوئی قبول کرلے وہ بھی اللہ کا احسان ہے اور جو قبول کرنے والا شاید ہم سے اللہ کے نزدیک زیادہ محترم ہو جائے اس لئے وہ فتح نہیں ہوتا۔اگر آپ اسی لئے اسے بات پہنچائیں بھی کہ میں اس کو ہرا کر اس کو فتح کرلوں تو عین ممکن ہے کہ ہم اسے دین منوانے کی بجائے اسے بے دینی پہ اصرار کرنے پہ مجبور کردیں۔یہ دلوں کی بات ہوتی ہے جو باتیں ہم زبان سے نہیں کرتے وہ دل آپس میں کرلیتے ہیں۔آپ کو تجربہ ہوگا۔اگر نہیں ہے تو اب کرلیجئے گا کہ ایک بندے کو آپ دل سے اچھا نہیں سمجھتے لیکن جب بھی ملتا ہے زبانی اس کی بڑی خوشامد کرتے ہیں۔وہ کبھی آپ کو دل سے اچھا نہیں سمجھے گا۔وہ دل کی بات اس کے دل میں کوئی چلی جاتی ہے کہ یہ مجھے خواہ مخواہ بے وقوف بناتا ہے کہ یہ دل سے مجھے اچھا نہیں جانتا ایک بندے سے آپ دل سے محبت کرتے ہیں خواہ اس سے تلخ کلامی بھی کرلیں تو اس کے دل میں وہ رنجش نہیں آتی وہ دل سے آپ سے محبت کرتا رہتا ہے۔چونکہ جو دل میں ایک کیفیت ہوتی ہے وہ منعکس ہو جاتی ہے اس کے دل میں۔میں اگلے دن دیکھ رہا تھا وائلڈ لائف کے پروگرام میں دکھا رہے تھے کہ کسی جنگل میں کسی ہاتھی پہ کوئی اُفتاد پڑتی ہے تو اس طرح سے وہ چیختا یا چنگھاڑتا ہے تو وہ چنگھاڑ یا اس کا ارتعاش زمین میں سفر کرتا میلوں تک چلا جاتا ہے اور میلوں میں جو ہاتھی ہوتے ہیں کھڑے ہوئے وہ فوراً اس کے ارتعاش سے محسوس کرلیتے ہیں کہ خطرہ ہے کوئی دور سے اور وہ ایک تجربہ دکھلا رہے تھے کہ جب کسی ہاتھی پہ حملہ ہوا شیروں کا یا کسی چیز کا اور وہ رویا اور چنگھاڑا تو وہ انہوں نے ریکارڈ کرلیا۔اب وہ ریکارڈ جب انہوں نے بجایا تو میلوں دور کھڑے ہاتھی جو تھے وہ خبردار ہو گئے الرٹ ہوگئے اور چھوٹے بچوں کو درمیان میں دے کر بڑے بڑے ادھر ادھر کھڑے ہوگئے کہ کوئی خطرہ ہے کوئی مصیبت ہے۔

جس میں اللہ کریم کا ایسا نظام ہے کہ میلوں دور وہ زمین میں جو ہلکا سا ارتعاش پیدا ہوا انہوں نے خطرہ محسوس کرلیا کتنے بڑے کتنے موٹے ہوئے ہیں لیکن وہ معمولی سا ارتعاش محسوس کرکے جانور بھی سمجھ رہے ہیں کہ کہیں کوئی خطرہ ہے اگر اتنی حساسیت جانوروں کو

دے دی گئی ہے تو انسان تو انسان ہے۔

تو جو دل میں ہوتا ہے اس کی جو لہریں بنتی ہیں اس کی جو ویوز WAVES بنتی ہیں وہ اگلے کا دل بھی محسوس کر لیتا ہے۔ اس لئے تبلیغ کی شرط اولیں ہے کہ جسے آپ دین کی بات بتانا چاہتے ہیں اس سے محبت ہو اور آپ خلوص دل سے یہ چاہتے ہوں کہ یہ کفر سے یا کفر پر خاتمے سے یا اللہ کے عذاب سے بچ جائے اس کی خیر خواہی کا جذبہ دل میں ہو تو یہ آپ کی ''فیلنگز'' جب اس کے دل میں جائیں گی تو وہ شاید آپ کی طرف توجہ دے۔

انبیاء علیھم السلام سے زیادہ مہذب کون ہو گا جنہیں تہذیب و اخلاق اللہ کی طرف سے عطا ہوتا ہے سکھایا جاتا ہے اور فرعون سے زیادہ برا انسان کون ہو گا جو خدائی کا دعوے دار بنا بیٹھا ہے جسے چاہتا ہے تباہ و قتل و غارت کر دیتا ہے ظلم کر رہا ہے انسانوں پر حضرت موسیٰ اور ہارون علیھم السلام کو اللہ کریم نے جب بھیجا فرعون کی طرف تو تعلیم بھی فرمائی فقولا لہ قولا لینا۔ گستاخ ہے یا کافر ہے یا مجرم ہے تو میرا ہے آپ علیہ السلام جب اس سے بات کریں گے تو بات بڑے مزے سے کیجئے گا۔ بڑے نرم اور دھیمے لہجے میں کیجئے گا بڑے پیار سے بات کیجئے گا۔ یہ نہیں کہ تیری ایسی تیسی تم کیوں ایسے ہو۔ بڑے مزے سے بڑے پیار سے وہ جانتا ہے کہ فرعون مانے گا نہیں اسے علم تھا کہ فرعون غرق ہو گا۔ اللہ سے تو کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں ہے لیکن حق پہنچانے کا جو طریقہ ہے چونکہ نبیوں سے ساری مخلوق تک وہ بات پہنچتی ہے اور قرآن حکیم میں بھی اس کا ذکر آیا ہم تک بھی وہ بات پہنچی کہ طریقہ کار کیا ہے۔

تو ایمان کے یہ دو جزو ہیں پہلا جزو ہے کہ حق کو مانے بھی اپنائے بھی پھیلائے بھی باطل کا انکار کرے اور خلوص سے کرے چونکہ وہ غلط ہے اسے غلط سمجھے اس سے بچنے کی بھرپور کوشش کرے اور اللہ کی مخلوق کی خیر خواہی کے لئے دوسروں کو بچانے کی سعی بھی کرے اللہ نے مختلف اوصاف دیے ہیں کسی کو قوت بیان دی ہے کسی کو قوت تحریر دی ہے کوئی لکھتا بھی نہیں بولتا بھی نہیں لیکن اس کا کردار ہوتا ہے کہ اسے دیکھ کر لوگ سدھرتے چلے جاتے ہیں تو جو جو استعداد جو جو طریقہ کار اللہ نے دیا ہے اس کے مطابق اللہ کی مخلوق کی بھلائی کی کوشش کرنا اور انہیں گناہ سے کفر کی ظلمت سے بچانے کے لئے کوشش کرنا یہ دونوں حصے ہیں ایمان کے۔ دو میں سے پہلے کو چھوڑ دو تو دوسرے کا مدار اس پر ہے اگر پہلا حصہ چھوڑ دیا جائے تو وہ بنیاد ہے تو اس پر آگے عمارت کیا بنے گی۔ لیکن پہلا بنیاد ہے اور اس پر عمارت ہے باطل کا ابطال باطل کو باطل ثابت کرنا لہذا یہ یاد رکھیں! محنت کریں دین سیکھیں دین پر عمل کریں اور کوشش کریں بڑے پیار سے بڑی محبت سے خیر خواہی کے جذبے سے کہ دوسرے بھی ان برکات سے مستفید ہوں، گناہوں سے بچ جائیں اگر مسلمان ہیں تو اللہ انہیں گناہوں سے بچنے کی توفیق دے مسلمان نہیں ہیں تو اللہ اسے ایمان لانے کی توفیق دے اس کے لئے بھرپور کوشش کرنا بھی جزو ایمان ہے، ایمان کا حصہ ہے سب سے کامل اور اکمل و مکمل دین نبی کا ہوتا ہے اور اگر نبی اس بات سے بے نیاز ہوتا کہ میں تو حق پر ہوں اور ہمیشہ حق پر اللہ مجھے قائم رکھے مجھے کیا ضرورت ہے کہ دوسروں کے لئے تکلیف اُٹھاتا رہوں تو دین کیسے پہنچے گا! پھر حق کو ماننا ذاتی فعل ہے، اس پر عمل کے لئے کوشش کرنا ذاتی فعل ہے، دوسروں تک پہنچانے میں اللہ کی دوسری بہت سی مخلوق کا بھلا ہے دوسروں کو برائی سے بچانا اللہ کی بہت سی مخلوق کا بھلا ہے اور اللہ کریم کو یہ بات بہت پسند ہے کہ اس کے بندوں کو اس کے عذاب سے بچایا جائے۔ اللہ کریم ہمیں حق ماننے کی اس پر عمل کی اور اس پر خاتمے کی توفیق نصیب فرمائے اور ابطال باطل کی قوت عطا کرے اور دین سے رغبت عطا فرمائے۔ (آمین)

امیر المکرّم مولانا محمد اکرم اعوان مدظلہٗ کے فی البدیہہ خطابات پر مشتمل منفرد انداز کی پہلی بیانیہ تفسیرِ قرآن حکیم

اکرم التفاسیر سے اقتباس......

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمo

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولن ترضی عنک الیھود ولا انصرے

.... وبئس المصیرo

سورۃ البقرہ آیت 120 تا126

ترجمہ: ''اور آپ سے ہرگز راضی نہ ہوں گے یہودی اور نہ نصاریٰ ، جب تک آپ ان کے دین کی پیروی نہ کریں، کہہ دیں! بے شک اللہ کی ہدایت وہی ہدایت ہے ،اور اگر آپ نے ان کی خواہشات کی پیروی کی اس کے بعد جب کہ آپ کے پاس علم آگیا ، آپ کے لئے اللہ سے کوئی حمایت کرنے والا نہیں ، اور نہ مددگار۔ہم نے جنہیں کتاب دی وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جیسے تلاوت کا حق ہے، وہی اس پر ایمان رکھتے ہیں، اور جو اس کا انکار کریں وہی خسارہ پانے والے ہیں۔اے بنی اسرائیل !میری نعمت یاد کرو جو میں نے تم پر کی اور یہ کہ میں نے تمہیں زمانہ والوں پر فضیلت دی۔اور اس دن سے ڈرو (جس دن) کوئی شخص بدلہ نہ ہو سکے گا کسی شخص کا کچھ بھی ،اور اس سے کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا، اور نہ اسے کوئی سفارش نفع دے گی ،اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔اور جب ابراہیم کو ان کے رب نے چند باتوں سے آزمایا تو انہوں نے پوری کردیں۔اس نے فرمایا بیشک میں تمہیں لوگوں کا امام بنانے والا ہوں ،اس نے کہا اور میری اولاد کو (بھی)؟اس نے فرمایا میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچتا۔اور جب میں نے خانہ کعبہ کو بنایا لوگوں کے لئے (بار بار) لوٹنے (اجتماع) کی جگہ اور امن کی جگہ، اور ''مقام ابراہیم'' کو نماز کی جگہ بناؤ ،اور ہم نے حکم دیا ابراہیم اور اسمٰعیل کو کہ وہ میرا گھر پاک رکھیں طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں کے لئے اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے لئے۔اور جب ابراہیم نے کہا اے میرے رب !اس شہر کو بنا امن والا ،اور اس کے رہنے

والوں کو پھلوں کی روزی دے جو ان میں سے ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر، اس نے فرمایا جس نے کفر کیا اس کو تھوڑا سا نفع دوں گا پھر اس کو مجبور کروں گا دوزخ کے عذاب کی طرف اور وہ لوٹنے کی بری جگہ ہے''۔

خلاصہ تفسیر و معارف

کیا یہود و نصاریٰ اہل کتاب کہلانے کے مستحق ہیں:

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ اہل کتاب جن میں فی الوقت یہود اور نصاریٰ موجود ہیں یہ آپ ﷺ سے کبھی خوش نہیں ہوں گے کبھی راضی نہ ہوں گے یہاں تک کہ آپ ﷺ ان کی ملت کے تابع ہو جائیں۔ یعنی ان کی خوشی یا رضامندی کا ایک ہی طریقہ ہے کہ آپ ﷺ بھی ان کی ملت اپنالیں۔ یہود اور نصاریٰ اہل کتاب ہیں اور اہل کتاب کا ذبیحہ بھی حلال ہوتا ہے۔ اہل کتاب کی خواتین سے نکاح بھی جائز ہے لیکن کیا ان احکام کا اطلاق موجود یہود و نصاریٰ پہ ہوتا ہے؟ اس کا فیصلہ عہد فاروقی میں سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کر دیا تھا کہ جب ممالک فتح ہوئے تو بعض مسلمانوں نے یہود اور نصرانی عورتوں سے شادیاں کیں۔ جب یہ بات خلیفہ وقت تک پہنچی تو سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے چھوڑ دینے کا حکم دیا، تعلقات ختم کرا دیے اور فرمایا کہ یہ اہل کتاب نہیں ہیں۔ نہ یہودی اہل کتاب رہے ہیں اور نہ نصرانی اہل کتاب رہے ہیں انہوں نے عزیز علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا مان لیا اور انہوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا مان لیا۔ اہل کتاب تو وہ تب تک تھے جب تک اپنی اس کتاب کے عقائد پر قائم تھے جس میں توحید باری بنیادی عقیدہ ہے اور جس نبی پر کتاب نازل ہوئی ہے اس کی نبوت کو ماننا بنیادی عقیدہ ہے۔ وہ اللہ کو تو واحد لاشریک مانتے اپنے نبی کی بات مانتے اور اس کے بعد اگر حضور اکرم ﷺ پر ایمان نہ لاتے تو اہل کتاب کہلاتے۔ اب تو یہ دونوں شرک میں گرفتار ہیں اور موجود یہود و نصاریٰ اہل کتاب نہیں ہیں۔ نصاریٰ تو علی الاعلان تین خداؤں کے قائل ہیں بلکہ اب تو تین کی بجائے ایک عیسیٰ علیہ السلام ہی کی خدائی پر زیادہ زور دیتے ہیں۔ یاد رہے کہ اہل کتاب کا ذبیحہ حلال یا اہل کتاب سے شادی درست ہے لیکن یہ احکام تب تک تھے جب تک یہودیوں نے عزیز علیہ السلام کو اور نصاریٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا نہیں بنایا تھا۔ تو ان عقائد کے بعد یہ مشرک ہو گئے پھر چونکہ یہ عقیدے کتاب میں نہیں تھے اس کے لئے کتاب میں بھی تحریف کرنی پڑی۔ اور ایک بار جب تحریف کا دروازہ کھل گیا تو ہر امر کے لئے اس میں تبدیلیاں کرتے رہے۔ حتیٰ کہ اب بھی ان کی وہ کتابیں گرجوں کے رحم و کرم پر ہیں اور گرجوں میں جو لوگ بیٹھے ہیں یا ان کی جو کمیٹیاں بنتی ہیں وہ آج بھی شرعی احکام کو تبدیل کر دیتے ہیں۔ ان تبدیلیوں کی زد میں بڑے بڑے احکام بھی ہیں مثلاً چند سال پہلے کلیسا نے یہ اجازت دے دی کہ سسر بہو کے ساتھ شادی کر سکتا ہے اور داماد ساس کے ساتھ شادی کر سکتا ہے جبکہ شرعی احکام میں تو وہ باپ بیٹی یا ماں بیٹا ہوتے ہیں۔ ان کے دین میں بھی یہی تھا لیکن یہ تبدیلی کلیسا نے کر دی۔ صرف ایک مثال نہیں ہے بلکہ انہوں نے سارے کا سارا دین ہی بدل دیا اور بدلتے جا رہے ہیں۔

اب رہی یہ بات کہ ان کے ساتھ دوستی ہو ان کے ساتھ تعلقات ہوں، جہاں تک تعلقات کی بات ہے تو کسی بھی کافر کے ساتھ دنیوی معاملات رکھنا کوئی جرم نہیں ہے۔

غیر مسلم سے دنیاوی معاملات کس حد تک رکھے جائیں:

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے بھی غیر مسلموں کے پاس

مزدوری کی ہے ملازمت کی ہے۔ لین دین کرنا یا کسی غیر مسلم کی دکان سے سودا خریدنا یا اس کے ساتھ خرید وفروخت کرنا یہ کوئی عجیب بات نہیں ہے اور انسانی معاشرے میں رہتے ہوئے اس کی اجازت ہے۔ ایک درزی ہے وہ غیر مسلم ہے آپ اس سے کپڑے نہ سلوائیں ایسی بات نہیں ہے یا دیگر اس طرح کے معاملات دنیا میں اجازت ہے۔ لیکن جب تعلق دلی محبت کا آتا ہے کہ ہماری آپس میں دلی محبت ہو فرمایا یہ دلی محبت تم سے تب تک نہیں کریں گے جب تک تم ان کی تہذیب کو ان کے نظریات کو اپنا نہیں لو گے میں نے ملت کا ترجمہ تہذیب کر دیا ہے۔ ملت کا مفہوم جو قرآن حکیم کے تراجم میں ملتا ہے وہ دین یا مذہب ہے یعنی جب تک ان کے مذہب کے پیرو نہ بن جاؤ وہ آپ سے راضی نہیں ہوں گے اور مذہب بھی تہذیب ہی ہوتی ہے۔ دین جو ہوتا ہے وہ اللہ کا بتایا ہوا راستہ ہوتا ہے۔ مذہب کا لفظی ترجمہ بھی ایک راستہ ہے، ایک چلن ہے، ایک طرزِ حیات ہے!

علامہ ابن خلدون رحمتہ اللہ تعالےٰ علیہ نے اپنی مشہور کتاب مقدمہ ابن خلدون میں لکھا ہے کہ اگر آپ اپنا لباس بھی بدل لیتے ہیں اور کسی دوسری قوم کا لباس اختیار کرتے ہیں تو اس میں بظاہر تو کوئی قباحت نہیں ہے چونکہ شرعی طور پر تو فرض ہے کہ کسی لباس سے بھی آپ بدن ڈھانپ لیں وہ ٹھیک ہے لیکن وہ فرماتے ہیں کہ جب کسی خاص قوم کا مخصوص لباس بندہ اگر اپنا لے تو رفتہ رفتہ اس کی بہت سی بری عادتیں بھی پہلے ہلکی لگتی ہیں کہ کوئی خاص برائی نہیں ہے پھر بالآخر بندہ ان عادتوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اور یہ راستہ عقائد و نظریات تک بھی لے جاتا ہے، بالآخر عقائد بھی مجروح ہو جاتے ہیں اور ان جیسے عقیدے اپنا لیتا ہے۔

دین میں رسومات کی ترویج:

آپ یہاں کی برصغیر کی بات کیجئے۔ برصغیر میں جب اسلام آیا تو دو تہذیبوں کا ٹکراؤ تھا۔ برصغیر کی تہذیب اپنی تھی اسلام کی تہذیب اپنی تھی، ان کا لباس اپنا تھا مسلمانوں کا لباس اپنا تھا، ان کے کھانے پینے کے انداز اپنے تھے مسلمانوں کے اپنے تھے لیکن رفتہ رفتہ جب تہذیبیں ایک ہونے لگیں، شروع شروع میں لباس ایک ہوئے پھر دوستیاں بڑھیں، محبتیں آئیں پھر کچھ حکمران ایسے آئے جنہوں نے کہا مل جل کر رہنا ہے تو پھر بات آپس میں شادیوں تک جا پہنچی۔ ہوا کیا؟ ہندو تو ہندو ہی رہا لیکن مسلمان نہ صرف لباس، عادات و خصائل اور بالآخر ان کے عقائد و نظریات بھی اپنا بیٹھے۔ آج ہم میں اکثر بدعات جو جاری و ساری ہیں یہ ہندوؤں کی رسومات ہیں۔ عام معمول میں، عام زندگی میں، شادی بیاہ پر، کسی کے مرجانے پر بے شمار ایسی رسومات ادا کی جاتی ہیں جو ہندوؤں کے ساتھ مختص تھیں اور اسلام میں جن کا کوئی وجود نہیں ہے۔ یہ کیوں ہوا؟ اس کا سبب وہی تہذیبوں کی یک رنگی بنا۔ یہ شروع شروع میں تہذیب میں مشارکت ہوئی اور رفتہ رفتہ ایمانیات تک چلی گئی۔ آج ہندوؤں کی جو رسوم ہم نے اسلام میں داخل کر لی ہیں ان پر کوئی اگر تنقید کرے اور منع کرے تو اسے کہا جاتا ہے کہ یہ صحیح مسلمان نہیں ہے یعنی اتنی وہ رچ بس گئی ہے کہ انہی رسومات کو اسلام سمجھ لیا گیا ہے۔

یہی حال دوسری تہذیبوں سے آمیزش کا بھی ہے تو اللہ کریم فرماتے ہیں کہ اگر آپ یہود و نصاریٰ کو اپنے ساتھ خوش رکھنا چاہتے ہیں تو یہ تب تک خوش نہیں ہوں گے جب تک تم لوگ ان کی تہذیب نہیں اپنا لیتے۔ اور تہذیب اپنانے میں یہ امر مانع ہے کہ آپ ﷺ ان سے کہیے:

سیدھا راستہ یا خواہشات کا اتباع:

قل ان ھدی اللّٰہ ھو الھدی. صحیح راستہ وہ ہے جو اللہ نے بتایا اگر اتفاق ہوا اتحاد ہوگا یگانگت ہو دوستی ہو تو اللہ کے بتائے

ہوئے راستے پر ہو تب تو بات ہے اللہ کے دین کو چھوڑ کر اگر تمہاری توہمات اور خرافات پر سمجھوتہ ہو جائے تو یہ تباہی اور بربادی کی بات ہے۔ قل ان ھدی اللہ ھو الھدی ان سے کہہ دیجئے کہ سیدھا راستہ وہی ہے جو اللہ نے فرما دیا ہے:

ولئن اتبعت اھواءھم بعد الذی جاءک من العلم. اللہ کی طرف سے یہ علم آنے کے بعد بھی اگر کسی نے ان کے اوہام کی پیروی کی تو پھر مالک من اللہ من ولی ولا نصیر تو پھر اسے اللہ کے غضب سے بچانے والا کوئی نہیں ہوگا۔ یعنی غیر مسلموں کی دوستی تو نصیب ہوگی لیکن اس کے بدلے میں اللہ سے دشمنی اور اللہ کا غضب جھیلنا پڑے گا۔ غیر مسلموں سے تعلقات کی ایک حد ہے۔ اگر ہم کم از کم الفاظ میں کہنا چاہیں تو حد یہ ہے کہ جہاں دین یا عقائد مجروح ہوتے ہوں، جہاں حلال حرام کا یا دین کا مسئلہ آ جائے مثلاً اب ہم جھٹکا کھانے لگیں اس لئے کہ ہم سے ہندو سکھ خوش رہیں گے تو یہ درست نہیں ہوگا کہ جہاں دین پر زد نہ پڑتی ہو، کوئی ان کے پاس ملازمت کرتا ہے لیکن اپنا عقیدہ صحیح رکھتا ہے، اپنا کھانا حلال کھاتا ہے، اپنی مزدوری کرتا ہے، تنخواہ لیتا ہے، لین دین کرتا ہے، کسی نے غلہ بیچا، جانور بیچے یا ان سے خریدے، درست ہے لیکن دوستی جو دلی دوستی ہوتی ہے جس میں آدمی ایک دوسرے کے رنگ میں رنگا جاتا ہے وہ مومن اور کافر میں نہیں ہو سکتی اس لئے فرمایا کہ یہ یہود و نصاریٰ اس سے کم تر کسی بات پر آپ ﷺ سے خوش نہیں ہوں گے۔

طالبان حکومت کے مثالی اقدامات:

افغانستان میں جب تبدیلی آئی اور طالبان برسر اقتدار آئے تو یہ درست ہے کہ وہ بہت سے کام نہیں کر سکے۔ کوئی ادارے نہیں بنا سکے کوئی اچھی پیش رفت سکولوں کے معاملے میں نہیں ہو سکی، کوئی بہتر پیش رفت ہسپتالوں کے معاملے میں نہیں ہو سکی، بے شمار ایسے ادارے جو ہونے چاہئیں تھے وہ نہیں بن سکے۔ لیکن اس کے لئے ایک یہ وجہ بھی ہے کہ برسوں سے جو حکومتیں امن و امان سے رہ رہی ہیں ان سے بھی وہ کام مکمل نہیں ہو پاتے اور ایک دن امن کا نہ آئے تو وہاں یہ کام کرنا اتنا آسان نہیں ہے جتنی ہم توقع رکھتے ہیں کہ سڑکیں بن جائیں سکول بن جاتے۔ یہ سب ضروری تھا لیکن ایک کام اس سے بھی زیادہ ضروری تھا اور وہ تھا انسان کی جان مال اور آبرو کا تحفظ۔ علم بھی کوئی تب حاصل کرے گا کہ وہ زندہ رہے گا ہسپتال میں بھی کوئی تب جا سکے گا کہ وہ پہلے زندہ تو ہوگا۔ راستے میں قتل کر دیا گیا اس کے لئے ہسپتال کی کیا ضرورت ہے ادارے بھی تب بنتے ہیں کہ ملک میں امن قائم ہوتا اور یہ امن قائم نہ ہو سکا۔ مغربی ممالک کی مداخلت سے شمالی اتحاد بنا کر کچھ لوگوں کو مغرب اسلحہ بھی دیتا رہا سرمایہ بھی دیتا رہا اور افغانستان میں جنگ کے شعلے بھڑکتے رہے لیکن ایک کام افغانستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہوا کہ جتنا علاقہ طالبان کے زیر نگیں تھا، اس سب کو انہوں نے غیر مسلح کر دیا۔ پہلی بار تاریخ میں کسی پٹھان کے پاس بندوق نہیں تھی، کوئی کسی سے زیادتی نہیں کرتا تھا، زیادتی کرتا تھا تو فوراً انصاف مل جاتا تھا۔ اربوں روپے بازار میں پڑے ہوتے تھے اور لوگ اوپر چادر ڈال کر مسجد میں نماز پڑھنے چلے جاتے، کوئی چوری کا خیال نہیں کرتا تھا اور یہ ایک ایسا کام ہے جو بڑی بڑی قدیم، اپنے آپ کو مہذب اور بڑی بڑی نیک کہلانے والی حکومتیں نہیں کر سکتیں۔

اب جس طرح سے انہوں نے امن قائم کر دیا تھا اگر وہ حکومت رہتی اور اسی طرح سے دوسرے ادارے بن جاتے سڑکیں بنتیں، سکول بنتے، ہسپتال بنتے تو نتیجہ یہ ہوتا کہ دنیا کے سارے لوگ اس طرف متوجہ ہو جاتے جہاں زندگی کی ساری سہولتیں بھی تھیں اور

امن اور تحفظ بھی تھا اور لوگ مسلمان ہونا شروع ہو جاتے۔ افغانستان وار کی ایک وجہ جو امریکہ کے صدر بش نے خود اپنی زبان سے بتائی وہ یہ بھی تھی کہ وہ دنیا کے گرد ہماری تہذیب کو تباہ کرنا چاہتے تھے۔

"They were going to destroy our culture around the globe"

کہ اگر وہ باقی رہتے اور وہ ملک باقی رہتا اور سیٹل ہو جاتا اور وہاں ادارے بن جاتے تو ہماری تہذیب کے لئے اتنا بڑا خطرہ تھا کہ ہماری تہذیب روئے زمین سے مٹ جاتی لوگ ادھر چلے جاتے۔ یہی بات یہاں قرآن حکیم نے آج سے سوا چودہ سو سال پہلے ارشاد فرمائی ہے کہ یہود و نصاریٰ آپ ﷺ سے خوش نہیں ہوں گے۔

ولن ترضی عنک الیھود ولا النصرٰی۔ نہ یہودی خوش ہوں گے نہ نصاریٰ خوش ہوں گے ہاں ایک بات پہ وہ خوش ہوں گے۔ حتی تتبع ملتھم۔ کہ آپ ﷺ ان کی ملت اپنا لیں۔ ان جیسے ہو جائیں، ان جیسے بن جائیں، کلمہ بھی پڑھتے رہیں لیکن کھائیں پئیں ان جیسا کمائیں ان کی طرح، تہذیب ان کی ہو، لباس ان کا ہو، افکار ان کے ہوں، تو یہ سودا بڑا مہنگا ہے۔ اس لئے آپ مسلمانوں کو حکم ہے کہ آپ ان سے کہہ دیجئے

قل ان ھدی اللہ ھو الھدی۔ ہدایت پر سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ ہدایت وہی ہے راستہ وہی ہے جو اللہ نے مقرر کر دیا لیکن اگر پھر بھی کسی دنیوی مجبوری میں یا لالچ میں آ کر آپ ان سے یہ سمجھوتہ کر لیتے ہیں کہ ان کی ملت اپنا لیتے ہیں تو ان کی ملت کیا ہے؟ محض خیالات کا مجموعہ ہے۔ ان کی کتابوں میں جو عقائد و نظریات تھے وہ تو وہ ضائع کر چکے اب تو ان کے پاس محض اوہام کا پلندہ ہے اور اے مخاطب! تو نے اگر ان کے غلط خیالات کی پیروی کی اس کے بعد کہ اللہ کی طرف سے علم آ چکا ہے اللہ کی کتاب موجود ہے، شب و روز پڑھی جا رہی ہے سنی جا رہی ہے، سیکھی جا رہی ہے، سکھائی جا رہی ہے، سمجھی جا رہی ہے، سمجھائی جا رہی ہے تو پھر اللہ سے بچانے والا تجھے کوئی دوست اور کوئی مددگار نہیں ملے گا اور تو اللہ کے غضب کا شکار ہو جائے گا۔

الذین اتینھم الکتب۔ جنہیں آپ اہل کتاب کہتے ہیں اور جو واقعی اہل کتاب تھے جنہیں ہم نے کتاب دی وہ وہ لوگ تھے۔ یتلونہ حق تلاوتہ۔ وہ تھے جو اس کو اس طرح پڑھتے تھے کہ جس طرح پڑھنے کا حق ہے۔ یعنی کتاب کو پڑھتے تھے اسے سمجھنے کی کوشش کرتے تھے اور اس کا اتباع کرتے تھے۔

اولئک یومنون بہ۔ وہ لوگ تھے جو اس کے ساتھ ایمان رکھتے تھے جنہوں نے اس کتاب کو پڑھنے کا حق ادا کیا اس کے معانی اور مفاہیم کو سمجھا اور ان کی پیروی کی۔

ومن یکفر بہ فاولئک ھم الخسرون اور جنہوں نے اس کا انکار کر دیا اور اس کے نظریات و عقائد کی جگہ اپنے خود سے گھڑے ہوئے عقائد و نظریات اس میں داخل کر دیے، احکام بدل دیے، اس میں تحریف کر دی، فرمایا: یہ تو بہت بڑے خسارے میں جانے والے ہیں انہوں نے تو بہت بڑا ظلم کیا اور بہت بڑا نقصان کیا جس کی تلافی ممکن نہیں ہے۔ یہ خطاب مسلمانوں سے تھا کہ اگر تم انہیں راضی رکھنا چاہتے ہو خوش رکھنا چاہتے ہو تو یہ اس سے کم کسی بات پر راضی نہیں ہوں گے کہ تم بھی ان کی ملت اپنا لو اور اگر ایسا کرو گے اللہ کی ہدایت سے محروم ہو جاؤ گے اللہ کے غضب کا شکار ہو جائے گے اب خطاب بنی اسرائیل سے ہے۔

یبنی اسراءیل اذکرو نعمتی التی انعمت علیکم و انی فضلتکم علی العلمین۔

کہ اے اولاد یعقوب علیہ السلام! تم میرے وہ احسان یاد کرو کہ ایک وقت میں میں نے تمہیں روئے زمین پر بسنے والوں انسانوں پہ فضیلت دی، تمہیں سلطنتیں دیں، ریاستیں دیں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ تمہاری نسل میں یعقوب علیہ السلام سے لیکر عیسیٰ علیہ السلام تک نبوت جاری وساری رکھی۔ یعقوب علیہ السلام سے لیکر عیسیٰ علیہ السلام تک جتنے نبی آئے وہ تمہیں میں سے آئے، یہ کتنا بڑا اعزاز ہے اللہ کی طرف سے کہ دنیوی اعتبار سے بھی تمہیں ممالک اور حکومتیں اور دولت اور عزت اور بلند مرتبے نصیب ہوئے اور دینی اعتبار سے سارے نبی تمہاری قوم سے آئے۔ لیکن ایک بات یاد رکھو! ایک وقت آنے والا ہے اس کا دھیان رکھو، یہی دنیا بس نہیں ہے بلکہ اس کے بعد ایک دن آنے والا ہے۔

واتقو یوما لا تجزی نفس عن نفس شیاً. ایک دن حساب کتاب کا آنے والا ہے، اُس دن کوئی بڑے سے بڑا آدمی کسی دوسرے کیلئے کچھ نہیں کر پائے گا۔

ولا یقبل منها عدل و لا تنفعها شفاعة و لا هم ینصرون

نہ کسی کو کسی دوسرے کے بدلے میں گرفتار کیا جائے گا کہ کوئی کہہ دے کہ اسے چھوڑ دو اور میں اپنی جان پیش کرتا ہوں، فرمایا کوئی اس طرح بھی نہیں کر سکے گا، کوئی معاوضہ نہیں دے سکا گا، کوئی یہ نہیں کہہ سکے گا کہ میں اس کی طرف سے اتنی دولت دیتا ہوں اور اسے معاف کر دیں فرمایا یہ سودا بازی نہیں ہوگی، نہ کسی کی سفارش قبول ہوگی اور نہ کوئی مدد کر سکے گا۔ تین ہی طریقے ہوتے ہیں مجرم کو چھڑانے کے یا جرم کا معاوضہ دے دیا جائے یا مجرم کی سفارش کی جائے یا بزور بازو مجرم کو چھین لیا جائے۔

فرمایا، اس دن کو یاد رکھو، ایک دن آنے والا ہے جس دن مجرموں کے لئے اور کافروں کے لئے کوئی جائے پناہ نہیں ہوگی۔ تو جو فیصلے بھی آپ لوگ کرتے ہو، آخرت کی رسوائی اللہ کا غضب اور روز حشر کو یاد رکھ کے کرو۔

خلیل اللہ کے امتحانات:

و اذ ابتلی ابرهم ربه بکلمت فاتمهن۔ فرمایا زندگی میں کیسی کیسی مثالیں موجود ہیں آپ حضرت ابراہیمؑ ہی کو دیکھ لیجئے اللہ کے خلیل تھے اللہ کے برگزیدہ رسول تھے اللہ کا ان پر بہت بڑا احسان اور کرم تھا لیکن ان پر بھی کتنی آزمائشیں آئیں کتنے مشکل وقت آئے جب ابراہیمؑ کو اللہ کریم نے امتحان میں ڈالا فاتمهن اور وہ اس پر پورے اترے بچپن میں لڑکپن میں والدین کو اور قوم کو بت پرستی کرتے دیکھا تو انہیں روکا پھر ان سے الگ ہوئے۔ شاہی بت کدے کے بتوں کو توڑ دیا، بادشاہ سے مقابلہ آیا تو اس نے آگ میں پھینکوا دے لیکن اللہ نے آگ کو گلزار کر دیا۔ پھر آپؑ نے ہجرتیں فرمائیں، بڑے لمبے سفر کیے، راستے میں بے شمار حادثے اور تکالیف پیش آئیں۔ پھر آخر عمر میں اللہ نے چاند سا بیٹا دیا حکم ملا تو بیوی اور بیٹے کو حرم میں جا کر چھوڑ آئے، سینکڑوں میل کی مسافت پر جنگل بیابان میں، حرم میں، جہاں کوئی آبادی تھی نہ بیت اللہ کے آثار تھے۔ جب بیٹا ساتھ چلنے کے قابل ہوا تو حکم ہوا اسے قربان کر دیں ذبح کر دیں اس کی گردن پہ چھری رکھ دی تو فرمایا کتنی آزمائشیں، کتنے مشکل وقت اس بندے پر آئے جو اللہ کا دوست اور خلیل تھا نبی اور رسول تھا۔

فاتمهن۔ اس نے سارے کام پورے کیے، جو حکم ہوا اس نے پورا کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ کریم نے فرمایا:

قال انی جاعلک للناس اماما۔ اے ابرہیم میں تجھے نسل انسانی کا امام بناتا ہوں پیشوا بناتا ہوں، قیامت تک لوگ تیری پیروی کریں گے تجھے امام مانیں گے خود دین اسلام

میں آقائے نامدار ﷺ نے حضرت ابراہیمؑ کی کتنی سنتیں زندہ رکھیں اور درود شریف میں درود ابراہیمی شامل رکھا۔ قرآن کریم کی تلاوت میں ان کا ذکر خیر موجود ہے۔ نماز میں بھی آیات پڑھی جاتی ہیں، ان کا ذکر خیر ہوتا ہے۔

اور پھر جب انہیں یہ ارشاد ہوا کہ آپؑ کو یہ انعام ملے گا کہ رہتی دنیا تک آپؑ کا نام رہے گا تو انہوں نے عرض کی:

قال ومن ذریتی اے اللہ میری نسل اور میری اولاد میں یہ بات چلے گی جب آپ مجھ پہ اتنا انعام اور اتنا احسان فرما رہے ہیں کہ میرا نام جب تک انسانیت قائم ہے دنیا میں بھی عزت و احترام کے ساتھ رہے گا۔ ومن ذریتی اور میری اولاد میں سے!

قال لا ینال عھدی الظلمین ۔فرمایا آپؑ کی اولاد میں سے جو ظالم ہوگا اسے یہ مرتبہ نہیں ملے گا۔ جو آپؑ کا پیروکار ہوگا متبع ہوگا اسے احترام ملے گا لیکن جو ظلم اختیار کرے گا اللہ کی نافرمانی کرے گا بے راہ ہو جائے گا اسے اس وعدے میں سے کچھ نہیں ملے گا۔

نیکی و قابلیت کا معیار نسبی تعلق نہیں:

ہمارے ہاں یہ جو رواج ہو گیا ہے کہ جہاں کوئی نیک آدمی ہے یا گزرا ہے تو اس کی اولاد ہم پر مسلط ہے اور ہم اس کی پوجا کیے جا رہے ہیں۔ خواہ وہ بدکار ہیں، شراب پیتے ہیں، نشہ کرتے ہیں برائی کرتے ہیں اور کوئی ان میں دینی وصف موجود نہیں ہے، نماز تک نہیں پڑھتے ایسے بھی ہیں جنہیں نماز آتی تک نہیں عقائد بدل دیے، گمراہ ہو گئے حلیے مسلمانوں جیسے نہیں ہیں لیکن ہم ہیں کہ اس بات پہ ان کے پیچھے لگے ہیں کہ یہ فلاں کا بیٹا ہے۔ اللہ کریم نے فرمایا! نہیں، بیٹا ہونا بڑی بات ہے لیکن اگر بیٹا بھی ہو اور اتباع بھی کرے تو نور علیٰ نور ہے نبی کی نسل بھی ہے نبی کا خون بھی ہے اللہ کے رسول کی اولاد بھی ہے اور اللہ کے رسول کا پیروکار بھی ہے پھر تو واقعی قابل لحاظ بات ہے، قابل احترام بات ہے لیکن اگر اس نے راستہ ہی بدل لیا تو اللہ کریم فرماتے ہیں میرا وعدہ ظالموں کے ساتھ نہیں ہے۔ اور یہ تو ظلم ہے عام آدمی انکار کرے وہ ظلم ہے پھر اللہ کے نبی کی اولاد بھی اور اس کا دین چھوڑ دے اس کی پیروی چھوڑ دے تو یہ تو بہت بڑا ظلم ہے۔

قال لا ینال عھدی الظلمین ○ واذ جعلنا البیت مثابة للناس وامنا

بیت اللہ کی فضیلت:

اور یاد کریں جب ہم نے بیت اللہ کو لوگوں کے لئے عبادت کی جگہ مہبط اور امن کی جگہ بنا دیا تھا ایک ایسا گھر جس میں سوائے اللہ کے کسی کا دخل نہ ہو جو ہر طرح سے مامون ہو جس میں ہر طرح سے امن ہو اور جہاں بیٹھنا بھی عبادت، جسے دیکھنا بھی عبادت اور جہاں عبادت کرنا دوسری جگہوں سے ایک لاکھ گنا زیادہ ثواب رکھتا ہو۔

مقام ابراھیم کی فضیلت:

واتخذوا من مقام ابراھم مصلی ۔اور لوگو! مقام ابراہیمؑ کو سجدہ گاہ بناؤ۔ عمرہ ہو یا حج یا ویسے کوئی طواف کے بعد مقام ابراہیمؑ پہ دو نفل ادا کرتا ہے یہ حصہ ہے اس کا واتخذوا من مقام ابراھم مصلی ۔مقام ابراہیمؑ ایک سفید رنگ کا پتھر بیت اللہ شریف میں آج بھی موجود ہے کہ جیسے جیسے بیت اللہ کی تعمیر ہوتی تھی اس پتھر پہ سیدنا ابراہیمؑ کھڑے ہو کر تعمیر کرتے جاتے تھے، دیوار اونچی ہوتی جاتی تھی اور پتھر از خود اونچا ہوتا جاتا تھا اور دیوار کے ساتھ ساتھ چلتا رہتا تھا اور آپؑ نے بیت اللہ شریف کی تعمیر کی اور اس پتھر میں دو ڈھائی انچ گہرائی تک آپؑ کے نقوش کف پا مبارک اتر گئے، آج بھی بیت اللہ شریف کے سامنے وہ ایک شیشے

میں بند رکھا ہوا ہے۔ زائرین کی زیارت کے لئے سفید رنگ کا پتھر ہے جیسے سنگ مرمر ہوتا ہے اور اس میں حضرت ابراہیمؑ کے دونوں پاؤں دو ڈھائی انچ تک گہرائی میں لگے ہوئے ہیں تو فرمایا اس جگہ کو جہاں یہ پتھر رکھا ہے یہاں نوافل ادا کرو۔

وعهدنا الی ابرهم واسمعیل ان طهر ابیتی للطائفین والعکفین والرکع اسجودo

اور ہم نے ابراہیمؑ کو اور اسمعیلؑ کو یہ حکم دیا کہ ہمارے گھر کو صاف رکھیں پاکیزہ رکھیں، اعتکاف کرنے والوں کے لئے اور عبادت کرنے والوں رکوع اور سجود کرنے والوں کے لئے اور طواف کرنے والوں کے لئے زیارت کرنے والوں کے لئے حج کرنے والوں کے لئے عمرہ کرنے والوں کے لئے یعنی اللہ کی عبادت کرنے والوں کے لئے اس گھر کو ہمیشہ صاف ستھرا رکھیں اس میں کوئی دینی قباحت ہو نہ کوئی دنیوی قباحت ہو اس میں کوئی غلاظت یا گندگی بھی نہ ہو اور دینی اعتبار سے کوئی بت کوئی اس طرح کی خباثت اس میں نہ ہو۔

دعائے ابراہیمی اور حرمین میں ثمرات کی فراوانی

واذقال ابراهم رب اجعل هذا بلدا امنا و ارزق اهله من الثمرت من امن منهم با لله والیوم الا خرo قال ومن کفر فامتعه قلیلا ثم اضطره الی عذاب النار وبئس المصیرo

ابراہیمؑ نے دعا کی جب اللہ نے یہ حکم دیا تو آپؑ نے بیت اللہ شریف تعمیر فرمایا پھر اس کو صاف ستھرا کیا سجایا اس میں عبادت شروع کی اور دعا کی اے اللہ اس شہر کو شہر امن بنا دے اور اس میں رہنے والوں کو پھل اور رزق عطا فرما جو بھی تیری ذات پر اور آخرت پر ایمان لائے اللہ کریم نے فرمایا کہ آپؑ نے دعا کی ہے اور آپؑ نے صرف مسلمانوں اور مومنین کے لئے دعا کی ہے لیکن میں دنیا میں کافر کو بھی ان نعمتوں سے محروم نہیں کروں گا جو اس شہر میں آیا اگر وہ مومن نہ ہو بھی ہوا اسے رزق ملے گا اور پھل بھی ملیں گے۔

آج تو یہ تکنیک عام ہو گئی ہے کہ ہر موسم میں پھل ملتا ہے اور کچھ نقلی طریقے سے کچھ ایسی ادویات بن گئی ہیں ایسی کھادیں بن گئی ہیں کہ بغیر موسم کے سبزیاں اور پھل پیدا کیے جاتے ہیں لیکن ایک زمانہ تھا جب یہ چیزیں نہیں تھیں۔ آج سے پچیس تیس سال پہلے ایسا کوئی تصور بھی نہیں تھا۔ لیکن مکہ مکرمہ میں روز اول سے لیکر آج تک کبھی موسم یا زمانے کی قید نہیں رہی۔ ہر زمانے کا پھل موجود ہوتا ہے اور ایک شہر میں پینتیس لاکھ لوگ باہر سے جمع ہو جاتے اور کبھی کوئی بھوکا نہیں سوتا۔ سب کے رزق کا اہتمام بھی ہوتا ہے اور دنیا کا ہر پھل بھی وہاں ملتا ہے لیکن فرمایا مومن کے لئے تو درست، دنیا میں کافر کو بھی دونگا۔ لیکن اس کا فائدہ حاصل کرنے کا وقت کم ہو گا۔

تو ابراہیم علیہ السلام کی یہ دعا بھی اس طرح منظور ہوئی کہ وہ شہر، شہر امن بھی بنا اور اس میں رزق میں بھی آج تک کوئی کمی کسی نے محسوس نہیں کی۔ اللہ کریم اپنی نعمتوں سے اور اپنے رزق سے فائدہ اٹھانے کی توفیق بھی دے لیکن اپنی ذات کے ساتھ ایمان پر پختہ رہنے کی توفیق فرمائے۔ دنیاوی دولت یا دنیاوی شہرت یا دنیاوی وقار کوئی چیز نہیں اگر اس کے بدلے آخرت ضائع ہو جائے اور اللہ کریم آخرت کو محفوظ رکھیں ایمان کو محفوظ رکھیں توفیق عمل دیں اور اس کے ساتھ دنیا کی عزت بھی دیں تو یہ اس کا انتہائی کرم ہے۔

..........☆☆☆☆..........

انتخاب ہے جنوں مقصود ہے

بسم اللہ الرحمٰنِ الرحیم

والذین جاھدوا فینا لنھدینھُم سبلنا ٥ العنکبوت ٦٩

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ جولوگ ہمارے لئے محنت کرتے ہیں انہیں ہم اپنی بارگاہ کے متعدد راستے دکھا دیتے ہیں سادہ سا جملہ ہے لیکن انسانی زندگی میں مشکل ترین کام ہے۔ انسان کا مزاج ایسا ہے کہ وہ کسی باطل فرقے سے بھی منسلک ہوخدانہ کرے تو ہر کافر فرقے میں بھی ایک غیبی قوت کی ایک گنجائش ہوتی ہے' اُسے خواہ وہ ارواح کہیں' خواہ اُسے وہ جن مانیں' خواہ اُسے وہ فرشتے مانیں' اُسے دیوی مانیں' اُسے دیوتا مانیں کسی نام سے بھی یاد کریں انسانی مزاج میں ہے کہ وہ چاہتا ہے کہ کوئی ایک ایسی غیبی طاقت ہو جو میری حفاظت کرے' جو میری مشکلات میں میرے کام آئے' جو میری باتیں سنے میرے دکھ بانٹے اور یہ انسانی تاریخ میں ہے کہ جولوگ جنگلوں میں ویرانوں میں تہذیب سے نا آشنا لباس تک سے نا آشنا وحشیوں کی طرح اُن کا کھانا پینا رہنا سہنا لیکن کسی غیبی طاقت کا تصور اُن میں بھی ہے اور اُسے خوش کرنے کے لئے اُن میں بھی رسومات ہیں' کچھ الٹ سلٹ کلمات ہیں' کچھ ٹونے ٹوٹکے ہیں۔ یہ دراصل مزاج انسانی میں رب العٰلمین نے اپنی طلب کی جگہ بنائی ہے۔ انسان کوئی معمولی اکائی نہیں ہے اس ساری کائنات کا خلاصہ ہے۔ پوری کائنات عالم خلق سارا عالم امر ایک انسان کی طرف متوجہ رہتا ہے۔ سورج چاند ستارے سیاروں کی گردش ساری کائنات کی توجہ اس چھوٹے سے سیارے جسے آپ زمین کہتے ہیں اس پہ رہتی ہے اور اس پہ سب کے اثرات مرتب ہوتے ہیں' اس میں تبدیلیاں آتی ہیں اس میں مخلوق پیدا ہوتی ہے اس میں چیزیں بنتی ہیں اس میں دھاتیں بنتی ہیں اس میں دریا بہتے ہیں اس میں سمندر بنتے ہیں اس میں جواہرات بنتے ہیں پھل اگتے ہیں۔ یعنی ساری کائنات کی توجہ کا مرکز ہے زمین کرہ ارضی اور کرہ ارضی کی جب بات ہوتی ہے تو اللہ کریم فرماتے ہیں کہ اے انسان، اے نوعِ انسانی یہ جو کچھ زمین میں پیدا ہوا یہ سب کچھ تمہارے لئے ہے۔ یعنی ساری کائنات کا یونیورس کا اُس کی توجہات کا مرکز ہے کرہ ارض اور اُن ساری کی محنت کے نتیجے میں اس سورج کی تمازت کے نتیجے میں جہان کی ٹھنڈک کے نتیجے میں موسموں کے تغیر وتبدل کے نتیجے میں ستاروں اور سیاروں کی چال کے نتیجے میں جو کچھ زمین پہ بنتا ہے فرمایا وخلق یہ سب کچھ میں نے تمہارے لئے بنایا۔

تو فلاسفہ کا ایک قانون ہے وہ کہتے ہیں کہ کوئی شخص یہ سوچ لے کہ دنیا میں میرے سوا کوئی نہیں بستا۔ تنہائی میں بیٹھ جائے اور سوچے کہ میں اکیلا ہوں زمین پر تو اُسے سمجھ آئے گی کہ اُس اکیلے کے لئے بھی سورج طلوع ہوتا ہے اُس اکیلے کے لئے بھی بادل آتے ہیں اُس اکیلے کے لئے بھی زمین اپنے خزانے اگلتی ہے یعنی یہ ساری نعمتیں ایک ایک فرد کے لئے ہیں۔ اب جس ذات کریم نے انسان کو اتنی اہمیت دی بلکہ اس کی تخلیق میں باقی ساری مخلوق سے ہٹ کر ایک الگ چیز شامل کردی۔ عالم دو ہیں عالم خلق اور عالم امر۔ جہاں عالم خلق کی حدود ختم ہوتی ہیں وہاں سے عالم امر کی ابتدا ہوتی ہے' عالم

خلق سارا فانی ہے ناپائیدار ہے خاتمہ اور تباہی اس کا مقدر ہے امر صفات الٰہی میں سے ہے عالم امر چونکہ اوصاف باری میں سے ہے اللہ کی ذات بھی باقی ہے اُس کی صفات بھی باقی ہیں' اُس کی ذات بھی ازلی وابدی ہے اُس کی صفات بھی ازلی وابدی ہیں لہذا عالم امر ہمیشہ سے ہمیشہ کے لئے ہے فنا نہیں ہے اسے۔ اب انسان کو ایسا آمیزہ بنایا کہ اس کا وجود تو عالم خلق سے پیدا فرمایا اسی مادے سے اسی ایٹم سے انہی ذرات سے لیکن اس میں روح عالم امر کی ڈال دی۔قل الروح من امر ربی وما اوتیتم من العلم الا قلیلا۔اس سے زیادہ سمجھنے کی سکت انسانی ذہن میں نہیں ہے کہ عالم امر سے روح کیسے بنی؟ اُسے گھڑ کے بنایا گیا یا کسی تجلی سے بنی' وہ کیسے بنی فرمایا یہ تمہارے سمجھنے کی بات ہی نہیں ہے' تمہارے علوم کی حدود سے یہ بالاتر بات ہے لہذا تمہارے لئے اتنا ہی جاننا کافی ہے کہ روح عالم امر سے ہے لہذا روح کے لئے دوام ہے' فنا نہیں ہے۔ اب جب روح کا تعلق وجود سے بنتا ہے تو اتنا گہرا بن جاتا ہے کہ وجود بغیر روح کے بیکار ہے اور روح بغیر وجود کے عالم اسباب میں کام نہیں کر سکتی' اس رشتے کی بدولت انسانی وجود بھی اُس روح کے ساتھ ہمیشہ برقرار رہے گا' یہ بھی ختم نہیں ہوگا۔تھوڑا سا عرصہ یہ برزخ کا ہے عالم دنیا قائم ہے یہاں سے جو جس کی روح بدن سے الگ ہوتی ہے اُس کے دنیوی احکام اور دنیوی چیزیں تو ختم ہو جاتی ہیں۔لیکن اگر بدن جل بھی جائے بدن کو درندے کھا جائیں بدن کہیں بھی کسی صورت میں بھی چلا جائے تو اُس کے ہر ایٹم ہر چھوٹے سے چھوٹے ذرے کے ساتھ روح کا تعلق بدستور رہتا ہے۔روح جہاں بھی ہو اگر روح اچھے مہمان خانے میں ہے قیامت تک انتظار کے لئے ایک مناسب ویٹنگ روم اُسے مل گیا ہے۔علیین میں ہے تو جو برکات جو انوارات جو رحمتیں روح پہ مترشح ہوتی ہیں وجود کے ذرے ذرے تک اُن کی لذتیں پہنچتی ہیں اور وجود خواہ کسی صورت مٹ جائے آخر اُس کا کوئی ذرہ تو کسی باریک سے باریک ذرے کی ایٹم کی صورت میں چلا جائے وہ ذرات تو ہیں' خدانخواستہ روح اپنے مقصد سے بھٹک گئی اپنے گھر سے دور جنگل میں ویرانے میں جھاڑ جھنکار میں نکل گئی تو جو تکلیفیں جو دکھ اُسے وہاں ہوتے ہیں چونکہ بدن کے ہر ذرے کے ساتھ اُس کا تعلق ہوتا ہے لہذا وہ کیفیات عذاب جو ہیں وہ ہر ذرے پر سے گزرتی رہتی ہیں جب قیامت قائم ہوگی تو بدن پھر بحال ہو جائے گا۔ روح بھی اُس میں آ جائے گی۔ بلکہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ روح اعتراض کرے گی کہ یا اللہ میں تو عالم امر سے ہوں اور میں تو پاک صاف مزاجاً بھی پاک وجوداً بھی پاک مجھ میں تو کوئی کسی طرح کی آمیزش نہیں تھی سارا قصور اس کا ہے اس بدن کا ہے جب سے یہ میرے ساتھ ملا تو اُسے مادی لذات چاہیے تھیں یہ مادی تھا اس نے مجھے بھی رسوا کر دیا اور تیری نافرمانی میں لے گیا۔ بدن اپنا رونا روئے گا وہ کہے گا یا اللہ میں تو ذرات خاکی تھا نہ مجھے گناہ کا پتہ تھا نہ مجھے نیکی کی خبر تھی اور میں تو تیری ذات کا ذکر کرتا تھا۔

وان من شی الا یسبح بحمدہ. میں بھی تیرا ذکر کرتا تھا یہ جب سے روح آئی اور مجھے انسانی قالب میں تو نے ڈھالا تو اس نے سارے تماشے کھڑے کر دیئے اور اس نے مجھے تباہ کر دیا حضور اکرم ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ کریم انہیں فرمائیں گے کہ سامنے دیکھو' سامنے دیکھیں گے تو ایک باغ ہوگا اور اُس میں پھل لٹک رہے ہوں گے ایک آدمی ٹانگوں سے اپاہج ہوگا اُس کے ساتھ ایک آدمی ہوگا جو آنکھوں سے معذور ہوگا تو وہ اپاہج اُسے بتائے گا کہ یار! بڑے خوبصورت پھل ہیں اور درخت ان سے بھرے ہوئے ہیں لیکن میں تو نہ درخت پہ چڑھ سکتا ہوں نہ وہاں تک میرا ہاتھ پہنچتا ہے تو تم توڑو، وہ کہے گا مجھے نظر نہیں آتا توڑوں گا کہاں سے' پھر وہ آپس میں بیٹھ

کے مشورہ کرتے ہیں وہ اندھا اُسے کہتا ہے کہ میں اگر تجھے کندھے پہ اٹھالوں تیرا ہاتھ پہنچ جائے گا اُس نے کہا بالکل پہنچ جائے گا وہ اُسے اپنے کندھوں پہ بٹھا لیتا ہے اور وہ پھل توڑتے ہیں تو اللہ کریم فرمائیں گے روح اور جسد سے کہ بتاؤ ان میں قصوروار کون ہے؟ تو قیامت کو یہ سین ہوگا یہ منظر ہوگا کہ اب بتاؤ ان میں قصور کس کا ہے؟ وہ کہیں گے یا اللہ یہ دونوں بدمعاش ہیں فرمایا یہی رشتہ تمہارا ابھی ہے۔ بدن نہ ہوتا تو اکیلی روح مادی دنیا میں کچھ کر نہیں سکتی تھی' روح نہ ہوتی تو بدن بے جان ہوتا' تم نے جو کیا مل کر کیا اور لذات مادی میں کھو گئے اور میں نے تمہیں یہ عالم امر کی نعمت سے اس لئے نوازا تھا 'میں نے اس ذرہ خاکی کو عالم امر کی تجلیات سے اس لئے منور کر دیا تھا کہ میں چاہتا تھا کہ اس کے دل میں میرا گھر ہو' یہ مجھے جانے ہی نہیں مجھے پہنچانے اور پھر مجھے چاہے' پھر مجھے ٹوٹ کر چاہے' مجھ سے محبت نہیں مجھ سے عشق کرے اور جنوں کی حد تک کرے' حتی کہ اس کی جان چلی جائے میری طلب میں لیکن یہ میری طلب سے باز نہ آئے' تو اگر یہ یہاں تک چلا گیا تو پھر موت بھی اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔ ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات. جو اس حال میں مارے جاتے ہیں انہیں مردہ نہ کہو کہنا ہی حرام نہیں سوچنا حرام ہے۔ ولا تحسبن الذین قتلو فی سبیل اللہ امواتا. جو اللہ کی طلب میں اللہ کی راہ میں شہید ہوتے ہیں اُن کے لئے یہ سوچو بھی نہیں کہ مر گئے سوچنا حرام ہے۔ بل احیاء' عند ربھم یرزقون. زندہ ہیں اپنے اللہ کے پاس کھاتے پیتے ہیں جس طرح تم کھاتے پیتے ہو۔ تمہارے پاس زندگی کی یہی دلیل ہے نا کہ تم کھاتے پیتے ہو اٹھتے بیٹھتے ہو' وہ بھی کھاتے پیتے ہیں تم خاک کھاتے ہو وہ نور کھاتے ہیں' تم جو کھاتے ہو خاک کھاتے ہو وہ پھل ہے وہ گندم ہے وہ غلہ ہے وہ گوشت ہے یہ سب خاک ہے تم خاک کھاتے ہو اور وہ نور کھاتے ہیں۔

اب مقصد حیات انسانی یہ تھا کہ اُس میں اللہ کی طلب ہو اور اس حد تک ہو کہ دونوں جہان چھوٹ جائیں لیکن دامان الٰہی اور دامان محمد رسول اللہ ﷺ نہ چھوٹے' طلب الٰہی دل سے نہ جائے اور ساری محبت کیا ہے؟ ساری محبت کا نام ہے محمد رسول اللہ ﷺ۔ اس نام نامی سے باہر محبت کا تصور نہیں ہے اس م ح م د کو درمیان سے نکال دیں تو نفرت ہی نفرت ہے' محبت کا تصور ہی نہیں ہے' نہ پہلے تھا' نہ اب ہے' نہ کبھی ہوگا' جتنے انبیاء علیہم السلام آدم علیہ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام سے لیکر عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام تک آئے سارے امتی تھے محمد رسول اللہ ﷺ کے' جتنی محبتیں سب نے بانٹیں حضور اکرم ﷺ سے لیکر بانٹیں اور پھر جب آپ ﷺ تشریف لائے تو کسی کے آنے کی حاجت ہی نہ رہی۔

افلت شموس اولینا وشمسنا

ابداً علی افق علی لاتغرب.

پہلے بھی سورج تھے اپنے وقتوں پہ طلوع ہوئے نور بکھیرا روشنی بکھری غروب ہو گئے لیکن ہمارا سورج طلوع تو ہوا۔ ابداً علی افق علی ہمیشہ افق علی پہ رہے گا لاتغرب کبھی غروب نہیں ہوگا۔ آپ ﷺ کی بعثت کے بعد کسی نئے نبی کی بعثت کی ضرورت باقی نہ رہی۔ ختم نبوت کا معنیٰ یہ نہیں ہے کہ اللہ نبی بھیجنے سے معذور ہو گیا یا اللہ نبوت دے نہیں سکتا' وہ ہر چیز پہ قادر ہے لیکن اُس نے ایسا نبی بھیج دیا جس کے بعد کسی نبی کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ وہ رب ہے پروردگار ہے جس چیز کی ضرورت ہوتی ہے وہ چیز عطا فرماتا ہے ایک ضرورت مکمل کر دی بات ختم ہو گئی نہ ظلی نہ بروزی نہ عارضی نہ مستقل نہ نفلی نہ اصلی کسی نبی کی حاجت ہی باقی نہیں رہی بات ہی ختم ہو گئی۔ کوئی بجلی جلاتا ہے کوئی لالٹین جلاتا ہے کوئی غریب دیا جلا لیتا ہے کسی کے پاس وہ بھی

نہیں تو لکڑیاں اکٹھی کر کے آگ جلا لیتا ہے روشنی کے لئے لیکن جب سورج طلوع ہو جاتا ہے تو سب بجھا دیتے ہیں کسی اور روشنی کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ بعثت آقائے نامدار ﷺ نے کسی نئے نبی کی ضرورت ہی باقی نہیں چھوڑی اسی لئے حدیث شریف میں حضور ﷺ نے فرمایا۔

کہ نبوت کی عمارت بڑی خوبصورت بنائی اللہ نے بنتی رہی بنتی رہی حتی کہ ایک اینٹ کی جگہ خالی رہ گئی اور وہ اینٹ میں ہوں۔ انا تلک اللبنۃ۔ وہ اینٹ میں ہوں میرے آجانے سے وہ عمارت مکمل ہو گئی اب اُس میں کچھ مزید کسی اینٹ کے لگانے کی ضرورت نہیں۔ ہر نبی نے اللہ کے عاشق پیدا کئے' اللہ کے طالب پیدا کئے' ایمان کیا ہے؟

محبت کیا ہے تاثیر محبت کس کو کہتے ہیں

تیرا مجبور کر دینا میرا مجبور ہو جانا

محبت یہ ہے کہ بندہ بے بس ہو جائے' اُس کی اپنی پسند و ناپسند ختم ہو جائے' ساری دنیا ابتدائے آفرینش سے آج تک اور آج سے قیام قیامت تک لوگ لوگوں سے تعلق محبت پیار ہر طرح کے رشتے بناتے جائیں گے لیکن چند لوگوں کو کیوں ساری دنیا نے مصروف کر دیا کہ وہ بین الاقوامی طور پر اور غیر ملکی زبانوں میں بھی گنتی کے چند لوگ وہ بھی اسی طرح کے مرد حضرات تھے اسی طرح کی خواتین تھیں کوئی اُن میں کوئی ایسی عجیب بات تو نہیں تھی اُن کا جو آپس میں ایک رشتہ بنا اُس میں اُن دونوں نے فنائیت کی حد تک خود کو محو کر دیا حتی کہ انہیں اپنی فکر نہ رہی کہ میری آبرو بھی ہے یا رہے گی یا جائے گی میرا آرام ہے وہ رہے گا یا جائے گا میرا خاندان ہے وہ رہے گا یا جائے گا۔

مجنوں کا نام قیس تھا مولانا تھانویؒ نے یہ واقعہ بیان فرمایا اپنے واعظ میں اور کتاب کا نام نہیں لیا کہ کہاں سے پڑھا وہ فرماتے ہیں کہ حضرت حسنؓ اور حضرت امیر معاویہؓ میں جب حضرت حسنؓ نے خلافت حضرت امیر معاویہؓ کو سپرد کر دی اور فرمایا آپؓ اس پوری مملکت اسلامیہ کو سنبھالیں اور وہ امیر المومنین ہو گئے تو حضرت حسنؓ اور قیس دوست تھے تو حضرت حسنؓ نے ارادہ فرمایا کہ بیت اللہ سے ہو آنا چاہئے چلو فارغ ہو گئے بار خلافت سے جان چھوٹی تو اُس سفر میں انہوں نے قیس کو بھی ساتھ لے لیا۔ راستے میں باتوں باتوں میں حضرت حسنؓ فرمانے لگے کہ دیکھو قیس مجھ پر اللہ کا کتنا بڑا احسان ہے اور میں نے کتنا بڑا فیصلہ کیا ہے کہ اتنی بڑی ریاست کی حکومت چھوڑ دی اس لئے کہ مسلمانوں کی حالت اور حکومت کے حالات سنبھل جائیں میں نے کتنی بڑی قربانی دی اور حکومت چچا کو دے دی اور انشاء اللہ حالات درست ہو جائیں گے' وہ سنتا رہا' تو انہوں نے کہا کہ سن رہا ہے' بات نہیں کرتا' کہنے لگا میں سوچ رہا ہوں کہ تمہیں تو خلافت جچتی ہی نہیں تھی تم نے چھوڑ دیا تو اچھا کیا تو انہوں نے پوچھا پھر حضرت امیر معاویہؓ کو جچتی ہے انہوں نے کہا نہیں امیر معاویہؓ کہاں اور خلافت کہاں۔ یہ غلط کیا ہے تم نے اس لئے کہ انہیں بھی وہ جچتی نہیں تو وہ بڑے حیران ہوئے کہ تیسرا تو کوئی بندہ تو کسی کے ذہن میں نہیں اور یہ کیا کہتا ہے تو وہ کہنے لگے کہ تمہارے خیال میں موزوں بندہ کون تھا؟ کہنے لگا جچتی تو لیلیٰ کو تھی انہوں نے فرمایا انت مجنوں۔ تو پاگل ہے تو قیس سے اُس کا نام ہی مجنوں پڑ گیا۔ جسے آپ مجنوں کہتے ہیں عربی کا لفظ ہے مجنوں پاگل۔ تو یہ حضرت حسنؓ کا دیا ہوا لقب ہے یعنی وہ اُس رشتے میں اتنا فنا ہو چکا تھا کہ دنیا و مافیہا بھلے بُرے چھوٹے بڑے کی تمیز نہیں رہی۔ حضرت حسنؓ سے بھی کہہ رہا تھا تمہیں نہیں زیب دیتی تھی حضرت امیر معاویہؓ سے بھی کہہ رہا ہے تمہیں نہیں دیتی' زیب کسے دیتی تھی؟ کہتا ہے جچتی تو لیلیٰ کو تھی۔ لو کر لو

گل! انہوں نے مجنوں کہا' تھا بھی مجنوں ہی لیکن وہ عشق ہی کیا جو جنوں نہ پیدا کر دے' وہ محبت ہی کیا جو بندے کو مجنوں نہ کر دے' ہوش بھی سلامت رہے اور دعویٰ عشق بھی رہے! تو سب سے مشکل کام جو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نے سرانجام دیا' بغیر نبی کے کوئی نہ کر سکا وہ یہ ہے کہ اس مشت غبار کو اللہ سے آشنا کر دیا' کفر کی تاریکیوں سے آدمی کو پکڑا اور اللہ کے روبرو کھڑا کر دیا اور فرمایا خود بات کرو رب العلمین سے۔ آقا نامدار ﷺ نے بت پرستی سے شرک سے کفر سے شراب نوشی سے ڈاکے سے چوری سے کہاں کہاں سے لوگوں کو پکڑا اور اللہ کے روبرو کھڑا کر دیا اور یہ نہیں فرمایا کہ تم مجھے سجدہ کرو میں رب کو کرتا ہوں فرمایا نہیں میں بھی اللہ کو سجدہ کرتا ہوں تم اپنے طور پر اللہ کو سجدہ کرو تم بھی اللہ کو سجدہ کرو۔ یہ لذت آشنائی تھی کہ مٹھی بھر خانہ بدوش صحرائے عرب سے اٹھے اور روئے زمین کو اللہ کے نام سے روشن کر گئے۔ مت بھولو کہ اُس وقت بھی بڑی سپر پاورز تھیں' بڑی بڑی سلطنتیں اور ریاستیں تھیں بڑے بڑے لاؤلشکر تھے بڑی بڑی دنیا میں اقوام تھیں اور اُن کی تہذیب تھی اور اُن کے اپنے طور طریقے تھے' طاقت تھی لیکن

قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کر دے

دہر میں اسم محمدؐ سے اجالا کر دے

یہ قوت عشق تھی جو چند سرفروشوں سے لیکر یہ تو ایک وبائی مرض کی طرح پھیلتی چلی گئی اور جگہ جگہ عشاق پیدا ہوتے چلے گئے' دیے سے دیا جلتا گیا اور دنیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک اللہ کے چاہنے والے پیدا ہو گئے اور ایسا نظام بنا دیا ایسا نظام بنا دیا کہ کوئی لمحہ کائنات میں ایسا نہیں گزرتا جس وقت اذان نہ ہو رہی ہو روئے زمین پر آپ اُسے کمپیوٹر میں کرہ ارض کو فٹ کر کے شب و روز کے اوقات کو فٹ کر کے اُسے گھما کے دیکھیں تو دن کی پانچ اذانوں میں سے کسی نہ کسی اذان کا وقت ہر جگہ ہوتا ہے کسی نہ کسی جگہ ہوتا ہے کہیں فجر کی ہو رہی ہو گی کہیں ظہر کی ہو رہی ہو گی کہیں عصر کی کہیں مغرب کی کہیں عشاء کی اور ان میں ایسی عجیب مطابقت ہے کہ آپ اگر اسے کمپیوٹر پہ بیٹھ کے سروے کریں کہ کوئی لمحہ ایسا نہیں کہ زمین کے کسی نہ کسی حصے پر کوئی پکارنہ رہا ہو کہ آؤ اللہ کی طرف' کیسی عجیب بات ہے' آقائے نامدار ﷺ نے جو پکار شروع کی لوگو! کہاں بھٹک رہے ہو، کیوں پریشان ہو، کیوں دکھی ہوتے ہو، ایک محبت الٰہی لے لو اور سارے دکھ بھول جاؤ۔ شاعروں نے عشق و محبت کی عجیب عجیب توجیہات کی ہیں ہندی میں ایک کہتا ہے۔

کاگا سب تن کھائیو چُن چُن کھائیو ماس

کوے سے کہتا ہے کہ میرا سارا وجود کھالینا اور ایک ایک ذرہ گوشت کا نوچ لینا۔

کاگا سب تن کھائیوں چُن چُن کھائیو ماس

دو نین مت کھائیوں مجھے پیا ملن کی آس

آنکھیں رہنے دینا شاید محبوب کی جھلک نظر آ جائے' اپنا اپنا انداز ہے نالوگوں نے کس کس طرح تعبیر کیا ہے مقصد یہ ہے کہ دنیا کے سارے دکھ گزر جائیں سارے نقصانات ہو جائیں سب کچھ چلا جائے مال چلا جائے آبرو چلی جائے وقار چلا جائے دولت چلی جائے نام چلا جائے حتیٰ کہ جان چلی جائے لیکن محبوب سے ملنے کی آرزو ختم نہ ہو۔ یہ کام آقا نامدار ﷺ نے کیا اور اس کی دعوت دیتا ہے' مؤذن اور ایسا ایسا عجیب تکرار ہے آذان میں کہ میں نے خود جب دیکھا تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی کہ کوئی لمحہ ایسا نہیں ہے جس لمحے زمین پر آذان نہ ہو رہی ہو آؤ اللہ کی طرف اللہ بہت بڑا ہے اللہ اکبر اللہ اکبر۔ یہ جب پکارا نہ جا رہا ہو کہ آؤ۔ وہ اتنی عظیم ذات اتنی نعمتیں پیدا کرے' وہ اپنی انسانی تخلیق میں اپنی جگہ رکھے' پھر ہر لمحہ بلا

رہا ہو اُس کا قاصد اور ہمارے پاس بات سننے کی فرصت ہی نہ ہو تو کون سا اسلام کیسی مسلمانی؟ بات نام سے نہیں بات کام سے ہے نام کے اسلام کو تو قیامت میں کوئی نہیں پوچھے گا۔

ساری دنیا کو بھروسہ ہے نبی کریم ﷺ کی شفاعت پر صرف ہمیں نہیں پہلی امتوں کو بھی' حدیث شریف میں واضح آتا ہے کہ انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام بھی وفد بنا کر بارگاہ نبوی ﷺ میں آئیں گے کہ حضور ﷺ اتنی استدعا کر دیجئے کہ حساب کتاب شروع ہو اور یہ عرصہ محشر تو ختم ہو' اتنا کرم تو کیجئے' لوگ جب عرصہ محشر میں اٹھیں گے تو ہر کوئی چاہے گا کہ حضور ﷺ کے قدموں میں پہنچوں آپ ﷺ کے جھنڈے کے نیچے پہنچوں ہر کوئی دوڑے گا۔ جسے بھی دعوی اسلام ہے دعوی مسلمانی ہے وہ دوڑے گا اُس طرف عجیب حادثہ ہو گا لوگوں کا ہجوم ہو گا اور نبی کریم ﷺ منع فرما دیں گے اور روک دیں گے کہ ان کو اس طرف مت آنے دو۔ بارگاہ الوہیت میں عرض کریں گے یا اللہ ان لوگوں کو میری نگاہوں سے دور کر دے' ان کو میرے پاس مت آنے دے' لے جا جس طرف لے جانا چاہتا ہے اور پھر ساتھ وجہ ارشاد فرمائیں گے رب ان قومی اتخذوا ھذا القرآن یا اللہ یہ جم غفیر اُن لوگوں کا ہے جنہوں نے اپنی زندگی سے قرآن کو خارج کر دیا تھا۔ میری زندگی نفاذ قرآن میں بسر ہوئی ہے اور ان کی زندگی سے قرآن خارج ہو گیا ان کا میرے ساتھ کیا کام ہے انہیں میرے پاس مت آنے دے۔ کوئی اندازہ کر سکتا ہے اُن لوگوں کی حسرت کا جب میدان حشر میں انہیں یہ جواب ملے گا۔

تو اب تقاضائے محبت یہ ہے کہ زندگی قرآن کے مطابق ڈھل جائے' یہ وہ محبت نہیں جو گوشہ نشینی میں بیٹھ کر کی جائے' یہ وہ محبت نہیں جو برقعہ پہن کر کی جائے' یہ وہ محبت نہیں کہ سارا کاروبار چھوڑ کر ایک جگہ آپ کپڑے پھاڑ کے بیٹھ جائیں' نہیں اس محبت کا تقاضا یہ ہے کہ زندگی کا ہر کام اُس طرح کرو جس طرح اللہ نے حکم دیا اُس طرح کرو جس طرح اللہ کے رسول ﷺ نے کرنے کا حکم دیا۔ تو یہ عشق جو ہے یہ موت نہیں یہ حیات ہے اور یہ بندے کو اُس بلندی پہ لے جاتا ہے کہ اُسے محلے میں کوئی جانتا ہو یا نہ جانتا ہو اُس کے دن بھر کا ٹائم ٹیبل بارگاہ الوہیت میں بنتا ہے' کتنی عظمت ہے ایک بندے کے لئے کہ اُس کے سونے جاگنے کے اوقات من جانب اللہ مقرر ہوں' اُس کے کھانے پینے کی چیزیں یہ نہیں کھانا یہ کھانا ہے یہ لباس نہیں پہننا یہ پہننا ہے یہ بات منہ سے نہیں نکالنی یہ کہنی ہے اس کے سامنے گستاخی نہیں کرنی اور اس کا سر تلوار سے اڑا دو۔ کمال ہے! وہاں نہ مار کے وہاں سر تسلیم خم کر کے معزز ہوتا ہے' یہاں گردن کاٹ کے معزز ہوتا ہے کہیں گردن کٹوا کے سرفراز ہوتا ہے تو بات سے غرض نہیں کہ کام کیا ہوا گردن کٹ گئی کسی کی' اس سے غرض نہیں' غرض اس سے ہے کہ ٹائم ٹیبل کس نے بنایا اُس کے عمل کا اور اُس نے اُس پر عمل کا حق ادا کر دیا۔ ایک بندے کے لئے کتنے اعزاز کی بات ہے کہ سوتا ہے تو اللہ کے اذن اور اجازت سے اور اٹھتا ہے تو اُس کے حکم کے مطابق' سوچتا ہے تو اُس کی مرضی کے مطابق' کام کرتا ہے تو اُس کی پسند سے اور کوئی کام ہی چھوڑ کے بیٹھ جائے تو اُس نے تو نالائقی کی' جس طرح نماز روزہ حج زکوٰۃ فرض ہے اُسی طرح رزق حلال تلاش کرنا بھی فرض عین ہے ملتا وہی ہے جو وہ دیتا ہے لیکن اُس کی تلاش عبادت ہے اُس کے لئے محنت عبادت ہے اسی طرح احقاق حق کے لئے حق کو قائم رکھنے کے لئے کوشش کرنا بندے کے ذمے ہے کر تو وہ خود رہا ہے۔ تو میرے بھائی! میں تو افسانوی سی باتیں کر رہا ہوں اس دور میں ایسے لوگ کہاں! اب تو لوگ اللہ سے محبت بھی کرتے ہیں تو اپنا کاروباری فکر اُس کے درمیان رکھتے ہیں۔ اب تو ایک کاروبار ہے ایک تجارت ہے بندہ برابر کی سطح پر اللہ سے بھی رشتہ

رکھتا ہے کہ میں تیری نماز پڑھوں گا تو میرے بچوں کا روزگار بنا' میں تیری نماز پڑھوں گا تو میرے کاروبار میں منافع دے' میں تیری نماز پڑھوں گا تو میری بیماری ٹھیک کر دے یہ تو ایک لین دین کرتا ہے اب تو بندہ۔ بندہ برابری کی سطح پر آ گیا ہے لین دین تو برابر سے ہوتا ہے نا۔ تو بہر حال ہماری تو چونکہ نوکری ہے ذمہ داری ہے اس قابل نہ تھے لگ گئی نبھانی پڑ رہی ہے بات تو کرنی پڑے گی آگے اُس کا کیا ہوتا ہے وہ جانے اُس کے بندے جانیں۔ ہماری آرزو تو یہ ہوتی ہے کہ اللہ سب کے دلوں کو درد آشنا کر دے سب کو خلوص دے سب کو اپنی طلب دے اور جب طلب ہوتی ہے تو راستے خود بخود کھلتے چلے جاتے ہیں۔ اب کتنے خط آتے ہیں کتنی باتیں ہوتی ہیں ذکر نہیں ہوتا ذکر میں وسوسے بہت آتے ہیں نماز چھوٹ جاتی ہے یہ ہوتا ہے وہ ہوتا ہے اب اِس کا بھلا کیا جواب دیں! بات یہ نہیں کہ ذکر نہیں ہوتا بات یہ ہوتی ہے کہ وہ کرنے نہیں دیتا، اب کیا کیا جائے، کہیں آپ نے کوئی اینچ پینچ کیا ہوگا اُسے پسند نہیں آیا اُس نے کہا اچھا تو چھوڑ دے۔ نماز پڑھنے کو جی نہیں چاہتا تو آپ نے نماز میں کوئی سودا بازی کی ہوگی اُس نے کہا ہوگا تو رہنے دے کونسے عرش کو دراڑیں پڑ رہی ہیں تیرے سجدے نہ کرنے سے۔ چونکہ یہ تو اُس کا وعدہ ہے کہ جو خالص مجھے چاہتا ہے۔ والذین جاھدو افینا۔ جو میرے لئے تڑپتا ہے میں اُس کے لئے ایک نہیں ہزار راستے کھول دیتا ہوں۔ تو پھر تیرا بند کیوں ہو گیا؟ تیرا اور میرا بند کیوں ہو جاتا ہے؟ جب وہ فرماتا ہے کہ جو میرے لئے تڑپتا ہے جو مجھے چاہتا ہے جو میرے لئے محنت کرتا ہے۔ والذین جاھدو افینا۔ میری طلب میں تو اُس کے لئے تو میں ہزاروں سبلنا۔ اُس نے تعداد بتائی نہیں آپ لاکھوں کہیں تو بھی سما جائے گا کروڑوں کہیں تو بھی اُس کے لئے بے شمار راہیں کھول دیتا ہوں اپنی بارگاہ میں آنے کی تو پھر ہماری راہ میں رکاوٹ کیوں؟ جی

کبھی شیطان وسوسہ ڈال رہا ہے کبھی سستی ہو رہی ہے اب وضو کرنے کو جی نہیں چاہتا اب نماز پڑھنے کو جی نہیں' کیوں؟ اُس فینا میں کہیں کوئی ہم نے گڑبڑ کی ہوگی' کہیں ہم نے سودا بازی کرنے کی کوشش کی ہوگی اُسے کیا ضرورت ہے ہم سے سودے کرتا پھرے۔ خالق کو مخلوق کی کیا پرواہ' کوئی محتاج تو نہیں ہے محتاج تو ہم ہیں ہم اپنی حیثیت بھول گئے۔

ان اللہ غنی وانتم الفقراء۔ وہ غنی ہے بے نیاز ہے تم ہمیشہ محتاج ہو ہمیشہ فقیر ہو تمہارے مزاج میں تمہارے میں احتیاج اور فقر ہے۔ بھئی یہ جو ذکر میں کمی آتی ہے۔ نمازیں چھوٹتی ہیں یا معاملات میں کوتاہیاں اور غلطیاں ہوتی ہیں' گناہ صادر ہونے لگتے ہیں اس کے پیچھے طلب میں کہیں فتور آتا ہے' کھٹ بٹ کہیں ہوتی ہے طلب الٰہی میں' تو جب کبھی ایسا ہو اللہ سے رجوع کرو' توبہ کرو اور دعا کرو کہ یا اللہ میں نالائق ہوں مجھے تیری طلب کی بھی سمجھ نہیں ہے کہ کیا کروں' مجھے طلب بھی دے اور طلب کی آرزو بھی دے اور اُس کا شعور اور احساس اور ادراک تو ہی دے۔ مجھے کہو گے میں کیا کر لوں گا؟ کسی اور سے کہو گے وہ کیا بگاڑ لے گا؟ سارے ہی تو ایک جیسے ہیں سب محتاج ہیں اور سب نے وہیں درخواست کرنی ہے اور اُسے سب سے زیادہ بات پسند آتی ہے جب کوئی بندہ اپنا دکھ لے کے خود جاتا ہے وہ بڑا پسند کرتا ہے' وہ چاہتا ہے کہ ہر بندہ میرے پاس آئے میرے ساتھ بات کرے کیا تکلیف ہے' اُسے مجھے بتائے' میرے ساتھ تو اپنا تعلق قائم کرے پھر میں جانوں اور وہ جانے' جب اُس سے رشتہ ہو جاتا ہے تعلق استوار ہوتا ہے تو دکھ دکھ رہتا نہیں دکھ کا ہوش کسے ہوتا ہے پتہ ہے ڈاکٹر ایک ٹیکہ لگا دیتے ہیں پھر آپریشن کرتے رہتے ہیں چیرتے پھاڑتے رہتے ہیں درد کیوں نہیں ہوتا؟ اُس کا اثر ہوتا ہے اُس دوائی کا' سپرے کر دیتے ہیں گوشت کاٹتے رہتے ہیں درد نہیں

ہے اُس میں اگر اتنا اثر ہے تو عشق الٰہی کا ایک ذرہ نصیب ہو جائے تو دکھوں کا احساس کسے رہتا ہے دکھ بھی ٹکریں مار مار کے واپس چلے جاتے ہیں درد نہیں ہوتا۔

دنیا کا ایک نظام ہے اُس میں ہر کوئی ہے انبیاء علیھم السلام شہید کئے گئے ظلماً قتل کئے گئے گردنیں اڑا دی گئیں آرے سے چیر دیئے گئے اللہ کے ایک نبی نے کفار سے بچنے کے لئے ایک درخت کو حکم دیا مجھے چھپا لے اُس نے چھپا لیا غیرت الٰہی کو جوش آیا انہوں نے ایک دامن باہر رہنے دیا۔ پیچھے تعاقب والوں نے دیکھ لیا کہ بندہ تو اس تنے میں ہے اس کا کپڑا باہر ہے انہوں نے اوپر سے آرا رکھ دیا۔ اب بات اتنی سی تھی کہ مجھے کیوں نہیں کہا' درخت کو کیوں کہا۔ اتنی سی بات پہ اتنی سزا کہ آرے سے چر گئے اور انہوں نے اُف نہیں کی یا اللہ یہی علاج ہے میرا مجھے ایسا نہیں کرنا چاہئے تھا۔

قربیاں را بیش بود حیرانیاں

جتنا کسی کو قرب نصیب ہوتا ہے معاملہ اتنا زیادہ نازک ہو جاتا ہے تو پھر دکھ دکھ نہیں رہتے جب یہ رشتہ نصیب ہو جاتا ہے۔ دعا کیا کرتا ہوں لیکن میں خوش نہیں ہوں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ میری نالائقی ہے ہم سب کی لانائقی ہے ہم کر کچھ نہیں رہے ہمارا ہونا نہ ہونا کوئی تاریخ انسانی میں اس کی حیثیت نہیں ہے ملکی اور قومی تاریخ میں بھی اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ ایک مجنوں تھا ساری دنیا اُسے جانتی ہے ایک بندے کے ساتھ اُس کا رشتہ ساری دنیا اُسے جانتی ہے اور ہم اتنے ہزاروں کی تعداد میں عشق الٰہی کا دعویٰ بھی ہے پھر ہمیں جانتا ہی کوئی نہیں' کسی کو پتہ ہی نہیں' ہمیں خود شکایت ہے کہ جی ابھی ذکر نہیں ہوتا' جی سستی ہو جاتی ہے' جی نماز نہیں پڑھی جاتی' جی یہ نہیں ہوتا وہ نہیں ہوتا کیا کونسی محبت؟ کونسا عشق ہے یہ؟ کونسی قسم ہے عشق کی اور کونسی قسم ہے محبت کی؟ کہاں کہیں کوئی کمی ہے۔

حضرت رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ ایک واقعہ سنایا کرتے تھے کہ کوئی شخص بھاگا ہوا تھا کسی حکومت سے چھوٹی چھوٹی ریاستیں ہوتی تھیں برصغیر میں کسی دوسری ریاست میں جا کر کسی دریا کے کنارے بیٹھ کر اللہ والوں کا بھیس بنا کر اللہ اللہ کرنا شروع کر دیا کچھ سن رکھا تھا بزرگوں سے اب طالب اُس کے پاس آنا شروع ہو گئے اور وہ انہیں ذکر کراتا مراقبات کراتا اُس نے سنا ہوا تھا ایسا ہوتا ہے تو وہ انہیں چلو جی احدیت معیت اقربیت یہ وہ۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ اللہ کی شان اُس نے لوگوں کو سالک المجذوبی تک مراقبات کرائے اُس نے کیا کرانے تھے وہ تو باتیں کرتا رہا اور اُن کی طلب صادق تھی اللہ عطا کرتا رہا تو وہ ساتھی آپس میں بیٹھتے تو کہتے حضرت کے منازل کو دیکھا جائے تو کوئی سمجھ نہیں آتی کہتے بھائی بہت بلند ہیں کہیں حضرت کے منازل کا کوئی پتہ نہیں چلتا حضرت کو ہوتے تو پتہ چلتا ایک دن انہوں نے پوچھ لیا یہ واقعہ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بارہا بیان فرمایا۔ ایک دن انہوں نے پوچھ لیا کہ حضرت آپ کے منازل اُن کے بارے میں بھی تو کچھ فرمایئے اُس شخص کو بڑا احساس ہوا رو دیا۔ اُس نے کہا یہ تو اُس کی بے نیازی ہے اور تمہاری طلب سچی ہے مجھے الف ب بھی نہیں آتا۔ میں تو باتیں بناتا رہا اور تمہیں مراقبات نصیب ہو گئے یہ اُس کی عطا ہے' میرے پلے کچھ نہیں۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں وہ سب گڑگڑانے لگے اے اللہ اگر اس نے غلط بھی کہا تو تیری بارگاہ میں تو پہنچا دیا۔ اب تو اسے محروم نہ رکھ اسے تو ہم سے آگے ہی لے جا۔ یعنی طلب صادق ہو تو کیا نہیں ہو سکتا۔

تو میرے بھائی! میں آپ سے یہ کہوں کہ میں بڑا خوش ہوں آپ بڑا کام کر رہے ہیں مجھے کوئی خوشی نہیں' میں نے مرکز سے نکلنا چھوڑ دیا ہے اس لئے کہ میں سمجھتا ہوں کہ کچھ بھی نہیں ہو رہا' کیا فائدہ

وقت ضائع کرنے کا؟ ہمیں سیاسی شہرت یا اخباری شہرت تو نہیں چاہئے کہ جی حضرت فلاں جگہ تشریف لے گئے اور اتنے لوگ جمع ہوئے اُس سے کیا ہوگا؟ وہ قیامت کو شمار کئے جائیں گے' انسانی نصیب اُس سے بدلا جائے گا۔ دنیا سے اُس ہماری اخباری شہرت سے دنیا سے فساد ختم ہو جائے گا! کچھ بھی نہیں ہوگا بلکہ ہم میں تکبر آئے گا پہلے گناہ بہت ہیں ایک فرعونیت اور آ جائے گی اس سے بہتر ہے اپنا بیٹھ کے بندہ مزدوری کرے اور جو آئے اُسے اللہ اللہ بتا دے۔ لیکن دل یہ چاہتا ہے کاش! ایسا ہو کہ ہر گھر میں ہر قریے میں ہر شہر میں اُس کی طلب پیدا ہو جائے' پھر سے مسلمانوں کے دل درد آشنا ہوں پھر سے ایک انقلاب آئے پھر سے ایک تبدیلی آئے جو خالصتاً اللہ کے لئے ہو اللہ کے حبیب ﷺ کے لئے ہو' اسلام کی سربلندی کے لئے ہو ورنہ محض برائے نام دورے کرنا اور اخباروں میں لکھنا وہ سب اُس کا کیا حاصل؟ کیا فائدہ؟ اُس کی کیا اُس کے لئے تو بے شمار لوگ ہیں۔ تو یہ مدار ہے ہمارے خلوص نیت پر اور ہماری طلب کی صداقت پر۔ جاھد وافینا۔ میری ذات میں ہمارے لئے کون تڑپتا ہے کتنا تڑپتا ہے۔ کاش میں آپ کو یہ تڑپ دے سکوں۔ اللہ کریم یہ آرزو پوری فرمائے ہر دل یہ درد لے کر جائے درد آشنا ہو اور اس درد کو بانٹے اور ایک عالم ایسا پیدا ہو جائے جس کا ہر کام مرضیات باری اور اتباع پیامبر ﷺ ہو، کسی کو خاطر میں نہ لائے تو پھر شہنشاہوں کے تاج بھی ایسے لوگوں کے پاؤں کی ٹھوکروں میں ہوتے ہیں۔

وآخر دعونا ان الحمدللہ رب العلمین

☆☆☆

تزکیہ نفس

حافظ غلام قادری

E-mail: g_qadri@yahoo.com

تزکیہ باطنی طہارت کا نام ہے یا یہ ایک قلبی اور روحانی کیفیت ہے جس کے طفیل دل میں خلوص اور اطاعت الٰہی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے، گناہ و معصیت سے نفرت ہونے لگتی ہے اور اطاعت رسول ﷺ کا جذبہ نصیب ہوتا ہے۔ اس کا ثبوت صحابہ کرام کی مقدس زندگیاں ہیں۔ آپ ﷺ کی بعثت کے وقت دنیا کی اخلاقی حالت عموماً اور اہل عرب کی خصوصاً تباہی کے آخری کنارے پر پہنچ چکی تھی۔ آپ ﷺ کی بعثت نے انسانیت کو حیات نو بخشی اور انہی لوگوں کو وہ اخلاقی عظمت اور خلوص ولاہت نصیب ہوئی کہ تاریخ انسانی اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ یہ تزکیہ کا ہی اثر تھا جس نے مشرکوں سے موحد، بت پرستوں سے بت شکن، ڈاکوؤں سے غازی، ظالموں سے ایثار پیشہ، رہزنوں سے رہبر اور جاہلوں سے فاضل پیدا کئے۔

آپ ﷺ کی تعلیمات، ارشادات اور فیض صحبت ''تزکیہ'' کی اصل اور بنیاد ہے۔ صرف تعلیمات تو کافر بھی سنتا اور جانتا ہے مگر ایمان نہ ہونے کی وجہ سے فیض صحبت سے محروم ہو کر ''تزکیہ'' سے محروم رہتا ہے لیکن مومن اپنے ایمان کی وجہ سے ان کیفیات کو حاصل کر لیتا ہے جو آپ ﷺ کی صحبتیں بٹتی ہیں۔

آپ ﷺ سے دو طرح کا فیض نصیب ہوتا ہے ایک علم ظاہر جو آپ ﷺ کے اقوال و افعال سے مرقع ہے۔ قرآن حکیم، احادیث مبارکہ اور فقہ سب اسی قبیل سے ہیں۔ دوسرا فیض صحبت جو انعکاسی طور پر مجلس میں حاضر ہونے والوں کو نصیب ہوتا ہے جو مس خام کو کندن بنا دیتا ہے، دلوں کو روشن اور سینوں کو منور کر دیتا ہے اور استقامت علی الحق کی استعداد پیدا کرتا ہے۔ پہلی قسم کے فیض کی بنیاد بھی یہی فیض صحبت ہے ورنہ صرف علم سے فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔

علماء کا کام کافروں کو اسلام کی طرف راغب کرنا ہے جبکہ آج علما باہم دست و گریباں ہیں اور دوسروں پر کفر کے فتوے لگا رہے ہیں۔ یہ جگہ جگہ کفر سازی کا کام کیوں ہو رہا ہے؟ اسکی بنیادی وجہ صرف یہی ہے کہ انہیں تزکیہ قلوب نصیب نہیں لہذا دین بھی قسمت میں نہیں بلکہ محض اپنے وقار کے لئے ایک لاحاصل جنگ جاری ہے صرف وہ حضرات اس مصیبت سے محفوظ ہیں جو تزکیہ باطن کے لئے کوشاں ہیں کیونکہ یہی دین کی بنیاد ہے۔

تزکیہ نفس سے وہ قلبی طہارت نصیب ہوتی ہے جو دل سے انانیت کے بت کو نکال کر عظمت الٰہی کو دل میں جاگزیں کرتی ہے جو مومن کو رسول اکرم ﷺ کے دامن شفقت میں پہنچا کر خالص عقائد اور سنت کے مطابق اعمال کی صلاحیت عطا کرتا ہے۔ نگاہ مومن کو وہ وسعت نصیب ہوتی ہے کہ دونوں جہاں ان کے سامنے ہوتے ہیں، وہ اس کیفیت کے انسان ہوتے ہیں جو دنیا میں رہتے ہوئے آخرت کی تعمیر کر رہے ہوتے ہیں۔

تزکیہ نفس نگاہ مصطفیٰ ﷺ اور محبت نبوی ﷺ سے نصیب ہوتا ہے۔ صفائی باطن سے ولایت خاصہ نصیب ہوتی ہے۔ اگر سارے جہاں کے ولی اللہ جمع ہو جائیں تو صحابی نہیں بن سکتے بلکہ

صحابی کی گرد پا کو بھی نہیں پا سکتے۔ آپ ﷺ کی محبت کا کمال یہ ہے کہ ان واحد میں درجہ صحابیت پر فائز کر دیتی ہے۔ یہ عمل انعکاسی اور القائی ہے۔ حضور ﷺ سے صحابیؓ، ان سے تابعین اور ان سے تبع تابعین نے اور پھر ان سے اولیاء اُمت نے حاصل کیا۔ یہ نعمت عظمیٰ تمام مسلمانوں کی امانت ہے لہٰذا تمام مرد و زن کو چاہیئے کہ اس نعمت کے حاملین کو تلاش کریں اور ان سے یہ کیفیات حاصل کرنے کی سعی کریں کیونکہ فیضانِ نبوی ﷺ تو قیامت تک آنے والی انسانیت کے لئے عام ہے۔

تعلیمات نبوی ﷺ قرآن و حدیث ہر ملک میں ہر جگہ دستیاب ہیں تو تزکیہ جو کیفیات قلبی ہیں جن میں تحریف کا ڈر نہ ملاوٹ کا اندیشہ ہے وہ کیونکر ضائع یا ختم ہو سکتی ہیں اور اگر خدانخواستہ ایسا ہو تو پھر دین ہی کہاں رہا! یہ اور بات کہ اس کے امین کمیاب ہیں ایسے لوگ تھوڑے تو ہو سکتے ہیں لیکن ختم نہیں ہو سکتے کہ انہیں حفاظت باری حاصل ہے اور یہی لوگ دنیا کے قیام کا سبب ہیں، جب یہ ختم ہو گئے تو سب کچھ ختم ہو جائے گا اور قیامت قائم ہو جائے گی۔

یہ آج کے دور کی مصیبت ہے کہ کیفیات باطنی کے طلبگار کم ہو چکے ہیں اور روشن دل رکھنے والوں میں ایسے باہمت جو دوسروں کے دلوں کو بھی روشن کریں اور بھی کم ہیں۔ تزکیہ نہ ہونے کا اثر یہ ہے کہ لوگ کتاب اللہ پڑھتے بھی ہیں اور پڑھاتے بھی ہیں مگر عمل میں بہت کمزور ہیں۔ اللہ کریم ہم سب کو دلوں کی روشنی نصیب فرمائے۔ آمین

آج تعلیم یافتہ طبقے نے بھی تزکیہ کی اہمیت کو فراموش کر دیا ہے اور کاملین کی صحبت کی ضرورت ہی محسوس نہیں کر رہے۔ اسی لئے علم دین بھی ان کو دنیا ہی کمانے کا ذریعہ نظر آیا۔ کچھ لوگوں نے علم کی ضرورت محسوس نہیں کی اور محض پیروں کے پیچھے بھاگنے لگے جبکہ یہ دونوں راستے درست نہیں اس مقصد میں کامیاب صرف وہی لوگ ہو سکتے ہیں جو ماہر علما اور تربیت یافتہ کامل مشائخ کی صحبت اختیار کر کے حضور ﷺ سے حاصل ہونے والی دونوں طرح کی نعمت حاصل کرتے ہیں گویا تعلیم کتاب و حکمت کا مدار تزکیہ پر ہے جب تک یہ نعمت نصیب نہ ہو حقیقی اور نافع علم نصیب نہیں ہوگا۔

علماء متقدمین کی سوانح سے پتہ چلتا ہے کہ علم سیکھنے کے بعد پھر شیخ کامل کی تلاش میں نکلتے، اُن سے فیض حاصل کرتے اور پھر عالم باعمل بن کر اصلاح خلق کا فریضہ ادا کرتے جبکہ آج چند رسالے پڑھنے والے فاضل بن بیٹھے ہیں اور تصوف و تزکیہ نفس پر اعتراض کرتے ہیں۔

ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا

دوسرا طبقہ بغیر علم سیکھے صرف پگڑی باندھ کر کسی گدی پر براجمان ہو گیا۔ عمر عزیز مرغ لڑانے میں بسر کی اور اب لاکھوں لوگوں کی قسمت سے کھیل رہے ہیں۔

قارئین محترم! تزکیہ نفس کے لئے کتاب اللہ اور معلم دونوں کی ضرورت ہے۔ نماز میں توجہ الی اللہ نصیب نہ ہونا، نیکی کا کردار پر کچھ اثر نہ ہونا، امانت و دیانت کا نہ پایا جانا اور باوجود خواہش کے نیکی سے محروم رہنا اسی طرح کی تمام بیماریوں کا علاج تزکیہ نفس سے ہی ممکن ہے۔ زندگی چونکہ Single Chance ہے اس لئے اس کو ہمیشہ کے خسارے سے بچانے کے لئے انعام یافتہ لوگوں کی تلاش بے حد ضروری بلکہ ناگزیر ہے اور یہ آج، ابھی، اسی وقت کا کام ہے۔

فارسی کے ایک شعر کا مفہوم اس طرح ہے کہ ''گفتار سے کردار کا سفر طے کرنے کے لئے کسی کامل شیخ کا دامن تھام لو ایسے ہی کاملین کی غلامی حیات آفرین ہوا کرتی ہے اور حقیقی علم سے آشنائی نصیب کرتی ہے۔''

مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْر

عبد الستار ولد محمد قاسم

☆ ....راجستھان (انڈیا)

میرا تعلق ''جی گوڈ'' ضلع ''بھلواڑا'' سے ہے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد اپنے کارخانے میں کام شروع کر دیا۔ ہمارا ٹریکٹر ٹرالی بنانے کا کارخانہ ہے۔ نماز میں خشیت الٰہی نہیں تھا ورنہ داڑھی، نماز بچپن سے ہی نصیب تھی۔ میں قرب الٰہی کا متلاشی تھا۔ 1983ء میں تبلیغی جماعت والوں کے ساتھ تعلق باللہ کو پانے کے لئے تبلیغی چلے لگائے، وظیفے پڑھے، تسبیح ہر وقت ہاتھ میں رہتی۔ ایک حافظ صاحب نے سمجھایا'' کہ وظیفہ اچھی چیز ہے لیکن تزکیہ نفس اور اصلاح قلب لسانی اذکار سے ممکن نہیں جب تک کسی اللہ والے سے کیفیات و برکات نصیب نہ ہوں''۔ میرا جواب تھا کہ ''ایسے لوگ اس دور میں کہاں!'' انہوں نے سمجھایا کہ ''جس رب العالمین نے بدن کی ضروریات کے اسباب پیدا فرما رکھے ہیں وہ بھلا ایمان اور روح کی ضروریات اس دور میں بند کر دے گا! طلب صادق شرط ہے، اللہ سے مانگو'' میں نے دعا شروع کر دی۔ کچھ عرصہ بعد 1989 میں انہوں نے حضرت امیر محمد اکرم اعوان مدظلہ کا تعارف کرایا اور ''ارشاد السالکین'' نامی کتاب دی لیکن دو بارہ حافظ صاحب سے ملاقات 1997ء میں ہوئی اس ملاقات میں انہوں نے ساتھ بٹھا کر ذکر کا طریقہ بتلایا اور ذکر کرایا۔ حضرت المکرم سے رابطہ کیا تو جواب ملا ''محمد مالک سے رابطہ کریں'' مالک صاحب سے ملاقات ہوئی۔ ذکر شروع کرتے ہی محسوس ہوا کہ قلب ہر طرف سے روشن ہے۔ جو طلب تھی اللہ تعالیٰ نے عطا کر دی۔ مالک صاحب تشریف لائے تو کئی لوگ ذکر کرنے لگے۔ مجھے دعوت اور ذکر کے لئے لٹریچر تقسیم کرنے کی ڈیوٹی دی گئی۔ دعوت نے اثر دکھایا۔ ساتھیوں کی تعداد بڑھنے لگی۔ ذکر کی کیفیات اور برکات بیان کرنے کے لئے الفاظ ناکافی ہیں۔ انعامات الٰہی کی حد نہیں تھی لیکن رکاوٹیں بھی شدت سے آئیں، یہ ہمیشہ سے ابلیس لعین کا طریقہ رہا ہے اسی لئے اللہ والوں پر ہمیشہ فتوے لگے۔ گھروں، شہروں اور ملکوں سے نکالے گئے۔ اللہ اللہ کرنے اور اس نعمت کو عام کرنے کے صلہ میں اپنے ہی پرائے ہونے لگے۔ احباب بھی شریک ہو گئے اور یوں پورا گاؤں ہی نہیں پورا علاقہ مخالفت پر اُتر آیا۔ حالات نے گھروں سے نکلنا بند کروا دیا، لوگ بے دین سمجھ کر جان لینے کے درپے ہو گئے۔ کچھ نے ملک سے غداری کے الزامات لگائے جو بعد میں غلط ثابت ہوئے۔

تبلیغی جماعت کے احباب کی سادگی نے سب سے زیادہ حیران کیا کیونکہ کیونکہ تبلیغی جماعت کے بیان کردہ نصاب کے 6 نمبروں میں سے ایک نمبر اس ذکر کا ہے گویا تبلیغ کا 1/6 ذکر ہے شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ خود ذاکر تھے، کتابوں میں انہوں نے ذکر کی فضیلت بیان کی ان کی کتاب ''شریعت وطریقت کا تلازم'' کے صفحہ 122 پر ذکر پاس انفاس کا مکمل باب ہے وہ فرماتے ہیں ''پاس انفاس بھی مشائخ سلوک کے یہاں اہم اشغال میں ہے جس میں سانس کے ساتھ اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے'' نیز ''شفا العلیل'' صفحہ نمبر 57 میں لکھا ہے ''طریقت کے بزرگوں نے لکھا ہے کہ نفس کے خطرات

اور وساوس کے دور ہو جانے میں اس کا بڑا اثر ہے'' کسی عارف نے فرمایا ہے کہ ''اگر تو پاس انفاس کا اہتمام کرے تو تجھے یہ بادشاہ تک پہنچا دے گا'' ضیا القلوب میں لکھا ہے کہ ''انسان کو ہر سانس پر ہوشیار اور بیدار رہنا چاہیئے اور بغیر پاس انفاس کی مدد کے انسان کا قلب کدورتوں اور تاریکیوں سے ہرگز صاف نہیں ہو سکتا'' چونکہ یہ ذکر قلب کو صاف کر کے کدورتوں سے پاک انوار الہیہ کا محبط بنا دیتا ہے۔

حضرت مدنی رحمتہ اللہ علیہ ''مکتوبات'' صفحہ نمبر 93 میں تحریر فرماتے ہیں کہ ''پاس انفاس سے اصلی غرض یہ ہے کہ انسان کا کوئی سانس اللہ کے ذکر سے خالی نہ رہے۔ انسان دن رات میں تقریباً پچیس ہزار مرتبہ سانس لیتا ہے وہ سب کا سب ذکر سے معمور رہے''

مشکوۃ شریف کی ایک طویل حدیث مبارکہ میں اہل جنت کے باب میں فرمایا گیا ہے کہ ''اہل جنت کو تسبیح وتحمید ایسے الہام کئے جائیں گے جیسے بلا اختیار تم کو سانس آتا ہے''

مجھے تبلیغی جماعت کے احباب کی سادگی پر حیرت ہوتی ہے کہ جن بزرگوں نے یہ کام شروع کیا وہ کیا کرتے تھے اور یہ اُن کے نام پر کیا کر رہے ہیں اور چلتے چلتے کہاں تک جا پہنچے ہیں۔ ہماری دعائیں ان کے ساتھ ہیں کیونکہ یہ لوگ نیک اور مخلص ہیں اگر خلوص قائم رہا تو انشاء اللہ کبھی ذکر بھی ضرور کرنے لگیں گے۔

ان مشکلات اور رکاوٹوں کے باوجود اللہ تعالیٰ نے استقامت نصیب فرمائی اب گاؤں میں اللہ کے فضل سے 125 آدمی سلسلہ عالیہ سے منسلک ہیں۔

امسال اگست 2006ء کے سالانہ اجتماع میں ناچیز کو روحانی بیعت کی سعادت نصیب ہوئی۔ یہاں آکر کیفیات نصیب ہوئیں، عشق الٰہی اور محبت رسول اللہ ﷺ کے جذبے نصیب ہوئے۔ اللہ کریم کی کس قدر رحمت ہے کہ اس گئے گزرے دور میں بھی ایسا شیخ کامل موجود ہے جو سالک کو بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر کر کے حضور ﷺ کے دستِ اقدس پر روحانی بیعت کی عظیم ترین سعادت کا حامل ہے۔ کاش! ہر مسلمان اس نعمت عظیم کو حاصل کرنے دارالعرفان منارہ حاضر ہو۔ الحمد اللہ 10 اگست 2006 کو سالک المجذوبی کے منازل نصیب ہوئے۔ یہ سب لفظوں کی دنیا سے ہٹ کر کیفیات اور محسوسات کی باتیں ہیں جو شائد کسی متلاشی حق کے لئے رہنمائی کا سبب بن جائیں

دارالعرفان منارہ میں حضرت المکرم مدظلہ کی زیارت، ساتھیوں سے ملاقات مخلص لوگ اور محافلذکر زندگی کا حاصل ہیں سب ساتھیوں سے استقامت کی دعا کے ساتھ اجازت۔ اللہ حافظ

عبدالستار ولد محمد قاسم

راجستھان انڈیا

فون: 00919414677118

☆☆☆

نوٹ

عبدالستار صاحب کو امسال صاحب مجاز راجستھان کی ذمہ داری عطا کی گئی۔

یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے
یہ بڑے نصیب کی بات ہے

انسان اگر ذات باری سے دور ہوتا چلا جائے تو دل انوارات سے خالی ہو کر شیطان کی قرارگاہ بن جاتا ہے۔ پھر جوں جوں دور ہوتا جائے تو شیطان کو کھل کر کھیلنے کا موقع ملتا ہے۔ پھر ظلمت بڑھتی چلی جاتی ہے لیکن قرب الٰہی کی صورت میں ابتداء ہی نورانیت کے ظہور سے ہوتی ہے اور جوں جوں ترقی نصیب ہوتی جاتی ہے نورانیت بڑھتی چلی جاتی ہے جس کی وجہ سے ملائکہ مقربین کا نزول قلب پر ہوتا ہے جو اس کے لئے بشارت' سکون اور اطمینان کا باعث بنتے ہیں۔

کنزالطالبین



اسٹیبلشمنٹ اور 16 کروڑ ایٹم بم

حسن نثار

☆ چوراہا

''جیسی قوم ہو ویسے ہی حکمران اس پر مسلط کر دیئے جاتے ہیں''

''عوام اپنی اشرافیہ کا عکس ہوتے ہیں''۔

دونوں باتیں ہی مبنی بر حقیقت ہیں اور اگر ان کی گہرائی میں اتر کر دیکھا جائے تو دراصل دونوں اقوال ایک ہی سکے کے، دو رخ ہیں ''جیسی روح ویسے فرشتے'' اور ''جیسا منہ ویسا تھپڑ'' بھی اسی ''فلسفے'' کی دو عوامی قسم کی شاخیں ہیں۔

عوام اگر اپنی حکمران اشرافیہ کو گھٹیا اور ہلکا سمجھتے ہیں تو انہیں یہ بھی سمجھ لینا چاہئے کہ وہ انہی کا ''عطر'' یا ''کونسٹریٹ'' ہیں اور اگر حکمران عوام کو گھٹیا اور ہلکا سمجھتے ہیں تو انہیں بھی یہ جان لینا چاہئے کہ وہ بھی اسی زہریلے دودھ کا ''مکھن'' ہیں۔

ہم کون ہیں؟

ہمارا ''کیس'' کیا ہے؟

عوام اشرافیہ سے بددل اور بیزار تو دوسری طرف اشرافیہ عوام سے بددل اور بیزار ...... دونوں ایک دوسرے سے مایوس اور متنفر لیکن عوام اپنی مظلومیت اور مجبوریوں کی وجہ سے چپ اور حکمران اپنی منافقت اور ضرورت کے سبب، انہیں ''غیور اور باشعور'' کہنے پر مجبور حالانکہ دونوں کے ساتھ بھرپور انہ/ایکشن کے بعد میں اس تکلیف دہ نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اندر سے دونوں ایک دوسرے سے گھن کا اظہار کرتے ہیں۔ میں نے بڑے بڑے پھنے خان سیاستدانوں کو نجی محفلوں میں حقارت سے عوام کا ذکر کرتے سنا ہے اور وہ اپنی جگہ پر حق بجانب ہیں جبکہ عوام ان کے پیچھے پیچھے پھرنے کے باوجود پیٹھ پیچھے انہیں نااہل چوروں کے ٹولے سے زیادہ کچھ نہیں سمجھتے اور یہ بھی اپنی جگہ سچے ہیں تو ۱۶ کروڑ انسانوں پر مشتمل یہ ہجوم اس پیراڈوکس اور شیطانی چکر سے کیسے نکلے؟

کوئی معجزہ نہیں ہوگا اور نہ ہی کوئی مسیحا آئے گا تو پھر کیا کریں؟ اجتماعی خودکشی کے سفر پر روانہ رہتے ہوئے اپنی منطقی منزل کا انتظار کریں یا بیمار ہجوم کوئی حیلہ کرے؟

